آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز پیر 12 اکتوبر 2020ء بمطابق 24 صفر المظفر 1441ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 277

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:25
مغرب	6:20
عشاء	07:15

اہل تشیع

فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:27

عوام کی جان و مال کا تحفظ صوبے کی اولین ذمہ داری ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

پنجگور سے 6 زائرین کے اغواء ہونے کے واقعہ کو نوٹس لیتے ہوئے محکمہ داخلہ، انسپکٹر جنرل پولیس اور کمشنر مکران ڈویژن سے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی ہے

حکومت تمام تخریبی عناصر کے جلد خاتمے کو ہر صورت ممکن بنائے گی، صوبے کے امن وامان کو خراب کرنے والے عناصر کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ جام کمال خان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے پنجگور سے زائرین کے اغواء کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے محکمہ داخلہ، انسپکٹر جنرل پولیس اور کمشنر مکران ڈویژن سے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی۔ اتوار کو وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے پنجگور سے 6 زائرین کے اغواء ہونے کے واقعہ کو نوٹس لیتے ہوئے محکمہ داخلہ، انسپکٹر جنرل پولیس اور کمشنر مکران ڈویژن سے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے صوبے کے امن وامان کو خراب کرنے والے عناصر کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ حکومت تمام تخریبی عناصر کے جلد خاتمے کو ہر صورت ممکن بنائے گی۔

کراچی: شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر محمد عادل خان شہید کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

پنجگور ایران سے آنے والے 6 زائرین کے اغواء کی تلاش شروع

اتوار کو پنجگور کے علاقے تیسی میں نامعلوم مسلح افراد نے ایران سے کراچی جانے والے ایک ہی خاندان کے 6 زائرین کو اغواء کرلیا اور نامعلوم سمت کی جانب فرار ہوگئے

مغویوں کی شناخت حبیب اللہ ولد رئیس، حسن ولد حبیب، سکندر ولد غلام سخی، احمد رضا ولد غلام سخی، مہدی رضا ولد غلام سخی، عمران ولد منظور کے ناموں سے ہوئی ہے جو کراچی کے رہائشی ہیں

بلوچستان کے ضلع پنجگور میں ایران سے آنے والے 6 زائرین کو اغواء کرلیا گیا مغویوں کے ہمراہ جانے والی دو خواتین کو چھوڑ دیا، پولیس نے مقدمہ درج کے مغویوں کی تلاش شروع کردی

پنجگور (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں ایران سے آنے والے 6 زائرین کو اغواء کرلیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کے مغویوں کی تلاش شروع کردی۔ پولیس کے مطابق اتوار کو پنجگور کے علاقے تیسی میں نامعلوم مسلح افراد نے ایران سے کراچی جانے والے ایک ہی خاندان کے 6 زائرین کو اغواء کرلیا اور نامعلوم سمت کی جانب فرار ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق مغویوں کی شناخت حبیب اللہ ولد رئیس، حسن ولد حبیب، سکندر ولد غلام سخی، احمد رضا ولد غلام سخی، مہدی رضا ولد غلام سخی، عمران ولد منظور کے ناموں سے ہوئی ہے جو کراچی کے رہائشی ہیں اور ایران زیارت کرنے گئے تھے اغواء کاروں نے مغویوں کے ہمراہ جانے والی دو خواتین کو چھوڑ دیا جنہوں نے بعد میں پولیس کو اطلاع دی، حکام کے مطابق مغوی ایران سے براستہ پنجگور کراچی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت عارف علوی سے ایکسپو کے بانی کمشنر ملاقات کر رہے ہیں

اپنی بچیوں کے مستقبل پر سرمایہ کاری کرنے والی اقوام اپنی دور کیلئے قابل فخر ہیں، بلاول بھٹو زرداری

فاطمہ جناح اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنے دور کے بدترین فوجی آمروں کے خلاف قوم کی قیادت کی، دور رضا پاکستانی لڑکیوں کی رول ماڈل ہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اپنی بچیوں کے مستقبل پر سرمایہ کاری کرنے والی اقوام اپنی دور کیلئے قابل فخر ہیں، فاطمہ جناح اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنے دور کے بدترین فوجی آمروں کے خلاف قوم کی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی جامعہ فاروقیہ کے مولانا عادل کے قتل کی مذمت

ملک دشمن عناصر پاکستان کے خلاف اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکتے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے جامعہ فاروقیہ کے مولانا عادل کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر پاکستان کے خلاف اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ ہمیں اس وقت اتحاد

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

ترقیاتی منصوبہ جات کی تکمیل سے عوامی مسائل کا تدارک ممکن ہے، عبدالرحمن کھیتران

موجودہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ جام کمال خان کی قیادت میں صوبہ کے دور دراز کے علاقوں کی ترقی کیلئے شب و روز کوشاں ہے، صوبائی وزیر خوراک

بارکھان (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و پارلیمنٹری ویلفیئر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبہ جات کی تکمیل سے عوامی مسائل کا تدارک ممکن ہے۔ ضلع بارکھان میں ترقیاتی منصوبوں پر احسن طریقے سے کام ہو رہا ہے جبکہ موجودہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

اوتھل میں ٹریک حادثہ ایک شخص جاں بحق ایک زخمی

اوتھل (این این آئی) اوتھل میں ٹرک نے موٹر سائیکل سواروں کو روند ڈالا، محکمہ ایجوکیشن کا ملازم

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی سیکرٹری اشرفی رند کا کورونا وائرس ٹیسٹ مثبت آنے پر انہوں نے خود کو گھر میں قرنطینہ کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی سیکرٹری اشرفی رند کا کورونا وائرس ٹیسٹ مثبت آنے پر

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

قلات میں نیشنل ہائی وے پر مسافر کوچ الٹنے سے خاتون سمیت دو افراد جاں بحق

قلات (آن لائن) قلات میں نیشنل ہائی وے پر مسافر کوچ الٹنے سے خاتون سمیت دو افراد جاں بحق جبکہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بارکھان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 4 سالہ مغوی بچے کو بازیاب کرکے اغواکار کو گرفتار کرلیا

بارکھان (آن لائن) بارکھان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 4 سالہ مغوی بچے کو بازیاب کرکے اغواء

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

مولانا عادل فاروقی کی شہادت کا واقعہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے، زلفی بخاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی زلفی بخاری نے کہا ہے کہ مولانا عادل فاروقی کی شہادت کا واقعہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایک عالمی شہرت یافتہ دہشت گرد ہمارا پڑوسی ہے، پڑوسی ملک اپنے اندرونی معاملات پر قابو پانے سے قاصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

لاہور: وفاقی وزیر داخلہ بریگیڈیئر (ر) اعجاز شاہ سے چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی ملاقات کر رہے ہیں

اپوزیشن پارٹیاں زیادہ لوگ شوکر نے کیلئے جلسوں میں لوگوں کو دور دور کھڑا کرتے ہیں، سینیٹر فیصل جاوید

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ اپوزیشن پارٹیاں ضرور جلسیاں کریں، ان کی جلسیوں میں ویسے بھی لوگوں کو دور دور فاصلے سے کھڑا کیا جاتا ہے تاکہ زیادہ نظر آئیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عوام نے ویسے بھی ریاست مخالف بیانیہ مسترد کردیا ہے، عوام ان کے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

حکومت اپوزیشن کے جلسوں اور تحریک سے گھبرانے والی نہیں، پرویز خٹک

عمران خان نہ تو کسی کو این آر او دیں گے اور نہ ہی کسی کی بلیک میلنگ میں آئیں گے

مولانا اسلام کے بجائے اسلام آباد کے لیے اپنی سیاست کر رہے ہیں، تقریب سے خطاب

نوشہرہ (این این آئی) وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا ہے کہ حکومت اپوزیشن کے جلسے جلوسوں اور تحریک سے گھبرانے والی نہیں ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت کو کوئی خطرہ نہیں ہے کیونکہ جمہوریت کی مضبوطی کا جذبہ موجود ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان، نواز شریف اور آصف زرداری کے لیے احتجاجی تحریک شروع کر رہے ہیں، عوام نے مولانا فضل الرحمان کو

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

گزشتہ 6 ہفتے اوسط قومی سطح پر کورونا کیسز کی تعداد 2 فیصد سے کم تھی، اسد عمر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اسد عمر کورونا کے بڑھتے کیسز پر کہا ہے کہ گزشتہ 6 ہفتے اوسط قومی سطح

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک دشمن عناصر شرانگیزی اور انتشار پھیلانے کے مذموم عزائم میں ناکام ہوں گے، سینیٹر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے ممتاز عالم دین مولانا ڈاکٹر عادل خان

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بارہ اکتوبر، پاکستان مسلم لیگ (ن) (آج) یوم سیاہ منائے گی، شاہد خاقان عباسی خطاب کریں گے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) (آج) 12 اکتوبر کو یوم سیاہ منائے گی۔ لیگی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

گلگت بلتستان کی ایک کا گیٹ دے ہے، الیکشن فیئر اور فری ہونے چاہئیں، چودھری شجاعت حسین، پرویز الٰہی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے صدر و سابق وزیر اعظم چودھری شجاعت حسین اور چیئرمین پنجاب

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم نے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو جانچنے کا ہدف ٹائیگر فورس کو دے دیا

پیر سے شروع ہونے والے ہفتے ہماری حکومت اشیائے خورونوش سستی کرنے کیلئے تمام ریاستی وسائل بروئے کار لائیگی، ہم پہلے ہی مہنگائی کے عوامل کا جائزہ لیتے ہوئے تعین کر رہے ہیں

مافیا کی جانب سے ذخیرہ اندوزی و اسمگلنگ وغیرہ اس کا سبب ہے، یا دالوں اور پام آئل وغیرہ کی عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی قیمتیں اس کی وجہ ہیں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ٹائیگر فورس اپنے علاقوں میں روزانہ آٹا، دال، چینی اور گھی کی قیمتیں چیک کرے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنی ٹویٹ میں وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ آسکہ ہفتے کے روز ٹائیگر فورس سے کنٹرول سینٹر میں ملاقات کروں گا، اس دوران ٹائیگر فورس اپنے علاقوں میں روزانہ آٹا، دال، چینی اور گھی کی قیمتیں چیک کرے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ٹائیگر فورس کے رضاکار اشیائے ضروریہ کی قیمتیں روزانہ ٹائیگر فورس پورٹل پر بھیجیں، ان اشیاء کی قیمتوں کے معاملے پر بات ہفتے کے روز ہونے والی ملاقات میں کریں گے۔ واضح

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

پاکستان نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کی مذمت

بھارت یاور کے ظلم و ستم حراستی مراکز میں تشدد اور قتل کے ذریعے وہ اپنے عزائم میں کامیاب نہ ہوگا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت یاور کے ظلم و ستم حراستی مراکز میں تشدد اور قتل کے ذریعے وہ اپنے عزائم میں کامیاب نہ ہوگا۔ اپنے بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ماضی میں کرپشن کی وجہ سے ملک و قوم کو بے پناہ نقصان اٹھانا پڑا، ضیاء لانگو

موجودہ حکومت کرپشن کے خلاف واضح موقف رکھتی ہے کیونکہ ماضی میں کرپشن کی وجہ سے ملک و قوم کو بے پناہ نقصان اٹھانا پڑا

موجودہ حکومت کی بہتر پالیسیوں اور موثر حکمت عملی کی وجہ سے ملک ترقی کی سمت پر گامزن ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت کی بہتر پالیسیوں اور موثر حکمت عملی کی وجہ سے ملک ترقی کی سمت پر گامزن ہے۔ موجودہ حکومت کرپشن کے خلاف واضح موقف رکھتی ہے کیونکہ ماضی میں کرپشن کی وجہ سے ملک و قوم کو بے پناہ نقصان اٹھانا پڑا جس سے ملک کی معیشت کمزور ہوئی۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ پی ڈی ایم کو ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی ہضم نہیں ہو رہی جس کی وجہ سے وہ عوام کو گمراہ کرنے کی ناکام کوشش کرتے نظر آ رہے ہیں عوام کو بخوبی اندازہ ہے کہ کون سا لیڈر ان کے حق میں بہتر اقدامات اٹھا رہا ہے اور اٹھا سکتا ہے۔ پی ڈی ایم چاہے جتنے جلسے جلوس کرلے لیکن عوام صرف اور صرف حقیقی و عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں۔ پی ڈی ایم والے کوئی نئے لوگ نہیں عوام نے انہیں پہلے آزمایا ہوا ہے انہوں نے کئی سالوں تک عوام کو دھوکہ دیا لیکن اب جب انہیں عوام نے انتخابات میں مسترد کردیا تو یہ نت نئے گٹھ جوڑ سے عوام کو پھر سے دھوکا دینے کی ناکام کوشش

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

افغان کے ساتھ تجارت بڑھانا اور افغان شہریوں کیلئے ویزوں کی مزید آسانی پیدا کرنا اولین ترجیح ہے، پاکستانی سفیر

ویزوں میں آسانی کے لئے کابل میں پاکستانی سفارتخانے میں مزید کاؤنٹرز بنائے جا رہے ہیں، منصور احمد خان کی روانگی سے قبل گفتگو

تجارت کیلئے وزیر اعظم کے خصوصی ایلچی منصور احمد خان کا افغان ہمسایہ ممالک کے دورے کا اعلان، کہا کہ افغان میں موجود ممالک کے درمیان تجارت بڑھانے پر تجارت ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) افغانستان میں پاکستان کے نئے سفیر منصور احمد خان نے کہا ہے کہ ان کی ترجیحات میں افغان شہریوں کیلئے ویزوں کی مزید آسانی پیدا کرنا، دوطرفہ تجارت بڑھانا، پاکستان کے راستے افغان راہداری تجارت میں مشکلات دور کرنا، دونوں ممالک کے لوگوں کے درمیان آمدورفت کو بڑھانا اور افغان طلبہ وطالبات کو آسانی سے ویزوں میں مزید سہولیات مہیا کرنا ہے۔ اتوار کو کابل روانگی سے پہلے "این این آئی" سے خصوصی گفتگو میں منصور خان نے کہا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

توہین و تکفیر کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی ہوگی، وزیر داخلہ

مولانا عادل خان کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائیگا، ملک کے اندر دہشت گردی اور انتہا پسندی پھیلانے والے عناصر کا محاسبہ ہوگا

توہین و تکفیر کرنے والے مجرموں کی اکثریت گرفتار ہوچکی ہے، انٹرفیتھ ہارمنی کونسلز درست سمت قدم ہے، اعجاز شاہ کی حافظ محمد طاہر اشرفی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) مولانا عادل خان کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے گا، ملک کے اندر دہشت گردی اور انتہا پسندی پھیلانے والے عناصر کا محاسبہ ہوگا، پاکستان دشمن قوتیں ملک میں فرقہ وارانہ فسادات کروانے کی سازشیں کر رہی ہیں۔ یہ بات وفاقی وزیر داخلہ بریگیڈیئر (ر) اعجاز شاہ نے چیئرمین پاکستان علماء کونسل و معاون خصوصی وزیر اعظم حافظ محمد طاہر محمود اشرفی سے ملاقات کے دوران کی۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام میں تمام مکاتب فکر کے علماء و مشائخ کے تعاون سے امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھا گیا۔ گذشتہ رات ممتاز عالم دین مولانا عادل خان کی قتل افسوسناک اور قابل مذمت ہے اور مجرموں کو گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا عادل خان ایک عظیم عالم دین تھے اور ان کی اسلام اور مسلمانوں کیلئے خدمات قابل قدر تھیں۔ بریگیڈیئر (ر) اعجاز شاہ نے کہا کہ پاکستان دشمن قوتیں پاکستان میں امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنا چاہتی ہیں اور ملک میں فرقہ وارانہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

اپوزیشن نے تحریک میں قانون توڑا تو سختی سے نمٹیں گے، نصرت واحد

احتجاج سیاسی جماعتوں کا حق ہے مگر امن وامان کی صورتحال خراب نہیں ہونی چاہئے، پی ٹی آئی رکن قومی اسمبلی

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رکن قومی اسمبلی نصرت واحد نے کہا ہے کہ اپوزیشن نے قانون توڑا تو سختی سے نمٹیں گے۔ احتجاج سیاسی جماعتوں کا حق ہے تاہم امن وامان کی صورتحال برقرار رکھی جائے۔ حزب اختلاف کی جماعتیں مولانا فضل الرحمان کو استعمال کر رہی ہیں اور مشکل وقت میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) ان کا ساتھ چھوڑ دے گی۔ نواز لیگ اور پی پی کرپشن کیسز سے بچنے کیلئے پی ڈی ایم کا سہارا لے رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خواتین پارٹی ورکرز سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ نصرت واحد نے مزید کہا کہ پی ڈی ایم کی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ایرانیوں نے یورینیم کی افزودگی کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، عالمی ایجنسی کا انکشاف

ویانا (این این آئی) بین توانائی کی عالمی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ڈائریکٹر جنرل رافائیل گروسی نے کہا ہے کہ ایرانیوں نے یورینیم کی افزودگی کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے بتایا کہ یہ افزودگی اس درجے سے کہیں زیادہ ہے جس کی وہ پہلے پابندی کر رہے تھے اور اس مقدار

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

قوم کو ٹائیگر فورس کی نہیں، سستی اشیاء کی ضرورت ہے، سینیٹر سراج الحق

حکمران باہر سے میٹھے اور اندر سے کڑوے ہیں، عوام بھی اپنے قول و فعل سے باہر نکلیں

سانپوں کے منہ میں دودھ ڈالنے کی بجائے اپنی آئندہ نسلوں کے مستقبل کی فکر کریں، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ قوم کو ٹائیگر فورس کی نہیں، سستی اشیاء کی ضرورت ہے۔ ہر حکومت نے اپنی فورس بنائی جس نے سب کچھ ہڑپ کرکے عوام کی زندگی اجیرن کردی۔ حکومت کے ٹائیگرز نے تو باہر سے ملنے والی امداد کو بھی نہیں چھوڑا۔ حکمران باہر سے میٹھے اور اندر سے کڑوے ہیں۔ عوام بھی اپنے قول و فعل سے باہر نکلیں، سانپوں کے منہ میں دودھ ڈالنے کی بجائے اپنی آنے والی نسلوں کے مستقبل کی فکر کریں۔ حکومت عوام پر

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

مریم نواز کی تحریک کا کوئی جواز نہیں بنتا، فواد چوہدری

ٹیکنالوجی کے ذریعے ہی ملک کو آگے لیکر جائینگے، روٹین کے آلو، مٹر، گاجر وغیرہ بیچ کر نہ تو ہم ترقی کرسکتے ہیں اور نہ ہی اپنی حالت بدل سکتے ہے

بھارت کا 44 ممالک میں منی لانڈرنگ کے حوالے سے نام آیا ہے اور وہ دہشتگردوں کے گروپوں کی مدد بھی کر رہا ہے، وفاقی وزیر کا خطاب

سیالکوٹ (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ مریم نواز کی تحریک کا کوئی جواز نہیں بنتا، ٹیکنالوجی کے ذریعے ہی ملک کو آگے لیکر جائینگے، روٹین کے آلو، مٹر، گاجر وغیرہ بیچ کر نہ تو ہم ترقی کرسکتے ہیں اور نہ ہی اپنی حالت بدل سکتے ہے۔ ایف اے ٹی کے حوالے سے پاکستان اپنا کردار ضرور ادا کریگا وہ جناح ہاؤس اور دیگر منعقدہ تقریبات سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے امور نوجوانان عثمان ڈار، ڈپٹی سپیکر قاسم سوری، صوبائی وزیر سیشل ایجوکیشن چوہدری محمد اخلاق، صوبائی وزیر محمود الرشید، پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر ڈار، عامر ڈار اور سابق نگت ہولڈر پی 37 صہر عاشق حسین، سیکرٹری اطلاعات و نشریات سٹی ڈسٹرکٹ کارپوریشن میاں اعجاز جاوید علاوہ دیگر کارکنوں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

کورونا کو کنٹرول کرنے کیلئے مختلف شہروں میں منی لاک ڈاؤن کیے جا رہے ہیں، ڈاکٹر فیصل سلطان

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا ہے کہ مختلف شہروں میں منی لاک ڈاؤن کیے جا رہے ہیں، مائیکرو یا منی لاک ڈاؤن کا مقصد وبا کو کنٹرول کرنا ہے۔ ایک انٹرویو میں ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ گزشتہ چند ہفتوں میں

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت میں عوامی شہری حقوق غصب کیے جا رہے ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

ہم حکومت و اپوزیشن اور مقتدر قوتوں کے برے کام، اقدام و اور آئین کی بھی اقدام کے خلاف ہیں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ جماعت اسلامی حکومت و اپوزیشن کے برے اقدامات، بدعنوانی کے خلاف بے جدوجہد سے حکومت و اپوزیشن در پردہ ایک ہیں۔ ملک و ملت اور مدارس، دینی اداروں و مساجد کے خلاف قانون سازی میں اپوزیشن بھی ساتھ ہے جو نعرہ لگا رہے ہیں عوامی مسائل کے حل، معیشت کی بہتری، مہنگائی و سود کی معیشت کے لحاظ سے قانون سازی کے بجائے وزیر اعظم سمیت حکومت اور ان کے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

مظفر آباد: صدر آزاد کشمیر سردار مسعود خان سے جماعت اسلامی پاکستان کے رہنما مولانا لیاقت بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

ہم کسی قوم سے اس کا وطن چھیننے کی اجازت ہرگز نہیں دینگے، ڈاکٹر مالک بلوچ

میر حاصل بزنجو کی شخصیت کے کئی پہلو تھے، پاکستان ایک کثیر القومی ملک ہے ہم کسی قوم سے اس کا وطن چھیننے کی اجازت ہرگز نہیں دینگے

ہم ساحلی علاقوں پر قبضہ اور بلوچستان کی تقسیم کی سازشوں کو کبھی بھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان و دیگر کا خطاب

کوئٹہ: کراچی (این این آئی) نیشنل پارٹی کے رہبر میر حاصل خان بزنجو کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام تعزیتی ریفرنس زیر صدارت ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کراچی پریس کلب میں منعقد ہوا تعزیتی ریفرنس میں نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل جان محمد بلیدی، طاہر بزنجو، خیر جان بلوچ، یاسین لہری، فدا حسین دشتی، محمد دم ایوب قریشی، مجید ساجدی، عیسیٰ خان بلوچ، ملک توصیف، کامران خان، پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے رہنما شاہ محمد شاہ، یوسف مستی خان، اسلم غوری، پی ایس او (چیئرمین) کے رہنما عبدالحکیم بلوچ، ممتاز صحافی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

قتل و غارت گری کے پیچھے دنیا پر حکمرانی کرنے والے اقوام متحدہ کا ہاتھ ہے، مولانا محمد خان شیرانی

پاکستان میں ہونے والی قتل و غارت گری کے پیچھے بڑی قومی اور فرقہ وارانہ محرکات کارفرما نہیں ہوسکتے، اتحاد ملت اسلامی محاذ

کوئٹہ (این این آئی) اتحاد ملت اسلامی محاذ کا اہم مولانا محمد خان شیرانی کی زیر صدارت اہم رہائش گاہ پر منعقد ہوا اجلاس میں مرکزی جمعیت اہلحدیث بلوچستان کے نائب امیر مولانا عصمت اللہ سالم پرنسپل جامعہ امام صادق علامہ محمد جمعہ اسدی اسلامی تحریک کے صوبائی صدر علامہ اکبر حسین زاہدی مرکزی جمعیت اہلحدیث بلوچستان کے نجیب اللہ عابد و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں کراچی میں ممتاز عالم دین ڈاکٹر عادل خان شہید کی بلندی درجات کیلئے دعا کی گئی اس موقع پر خطاب کرتے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کراچی سرکلر ریلوے کے لیے انجن اور بوگیوں کی تیاریاں زور و شور سے جاری، ماڈل تیار کرلیے گئے

کراچی (این این آئی) کراچی سرکلر ریلوے کے لیے انجن اور بوگیوں کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں، انجن اور بوگی ماڈل تیار کرلیے گئے ہیں۔ کے سی آر کے انجن کو نئی کلر اسکیم کے تحت خوب صورت بنایا گیا ہے، انجن اور بوگیوں کی تیاری کیرج فیکٹری میں کی جاری ہے، مقامی سطح پر تیاری سے زرمبادلہ کی بچت ہوگی تاہم

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں کورونا وائرس کے فعال کیسز میں اضافہ، مریضوں کی تعداد 8 ہزار 904 ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا وائرس کے فعال کیسز میں اضافہ ہوا ہے، مریضوں کی تعداد 8 ہزار 904 ہوگئی۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا کے 666 نئے کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد ملک بھر میں مجموعی کیسز کی تعداد 3 لاکھ 18 ہزار 932 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق فعال کیسز کی تعداد 8 ہزار 904 ہوگئی، اب تک کورونا وائرس میں مبتلا 3 لاکھ 3 ہزار 458 مریض صحت یاب ہوچکے ہیں۔

پنجاب کی اوپن مارکیٹ میں درآمدی گندم ختم ہوگئی ہے، 930 ملز کو محدود حد تک گندم ریلیز کی جاری ہے، عاصم رضا

لاہور (این این آئی) فلور ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عاصم رضا نے کہا ہے کہ پنجاب کی اوپن مارکیٹ میں درآمدی گندم ختم ہوگئی ہے، سرکاری گوداموں سے 930 ملز کو محدود حد تک گندم ریلیز کی جاری ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محکمہ خوراک کو اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکتے، صدر علوی

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی جامعہ فاروقیہ کے مولانا عادل کے قتل کی مذمت

ملک دشمن عناصر پاکستان کے خلاف اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکتے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے جامعہ فاروقیہ کے مولانا عادل کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر پاکستان کے خلاف اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ ہمیں اس وقت اتحاد و یکجہتی کی شدید ضرورت ہے، واقعہ میں ملوث افراد کو انشاء اللہ جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے مولانا عادل کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار اور اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور اظہار افسوس کیا۔ صدر مملکت نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور غمزدہ خاندان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ اللہ تعالیٰ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے

اسلام آباد میں ہر جگہ پر کام ہوتا ہوا دکھائی دے رہا ہے، علی نواز اعوان

چاہتے ہیں تمام علاقوں سے میٹرو لوگوں کو بٹھا کر ائیر پورٹ لے جائے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خص

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اکتوبر 2020ء

کوئٹہ' اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافہ' عوام پریشان

کوئٹہ میں اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ، انڈے 200 روپے فی درجن فروخت جبکہ دالوں اور سبزیوں کی قیمتوں میں بھی من مانے اضافے نے شہریوں کو پریشان کردیا، پرائس کنٹرول کمیٹی، ضلعی انتظامیہ، بلوچستان فوڈ اتھارٹی سمیت دیگر متعلقہ ادارے غیر فعال ہونے سے گراں فروشوں کی چاندی ہوگئی۔ کوئٹہ شہر میں اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ کردیا گیا ہے کوئٹہ میں اتوار کو فی درجن انڈے 200 روپے میں فروخت کئے گئے اسی طرح دالوں کی قیمتوں میں بھی فی کلو 10 سے 30 روپے کا اضافہ کردیا گیا ہے جبکہ کوئٹہ شہر میں سبزیاں اور پھل بھی مہنگے داموں فروخت کئے جارہے ہیں کوئٹہ میں پیاز فی کلو 60 روپے، مٹر 300 روپے، اورک 1000 روپے فی کلو، لہسن 280 روپے فی کلو، گوبی 80 روپے فی کلو، ٹماٹر 120 روپے فی کلو، آلو 100 روپے فی کلو فروخت ہوئے۔ کوئٹہ شہر میں ضلعی انتظامیہ، پرائس کنٹرول کمیٹی، محکمہ انڈسٹریز، بلوچستان فوڈ اتھارٹی سمیت کوئی بھی متعلقہ ادارہ شہریوں کی شنوائی کے لئے فعال نہ ہونے کی وجہ سے گراں فروشوں کی چاندی ہوگئی ہے دریں اثناء عوامی حلقے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سمیت دیگر اعلیٰ حکام امید رکھتے ہیں کہ وہ اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں اضافے کا فوری طور نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو فعال اور قیمتوں میں استحکام لانے کے لئے اقدامات کریں گے۔

سکندر مرزا کا راستہ

اکتوبر کا مہینہ پاکستان کی تاریخ میں بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اس ایک مہینے کے دوران تحمل کی دو

عجیب الرحمٰن شاہی

وارداتیں ایسی ہوئیں، جنہوں نے مستقبل پر بڑے گہرے اثرات مرتب کیے، اور ان سے ابھی تک سو فیصد نجات ممکن نہیں ہو پائی۔ قیام پاکستان کے چار سال بعد اس ماہ کی 16 تاریخ کو پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان کو راولپنڈی کے کمپنی باغ میں (جسے بعد ازاں اُن کے نام سے موسوم کردیا گیا) گولی کا نشانہ بنایا گیا۔ لیاقت علی خان محض ایک وزیر اعظم یا سیاست دان نہیں تھے، وہ تحریک پاکستان کے دوسرے بڑے رہنما تھے۔ قائداعظمؒ کے بعد اُن کی شخصیت سب سے قدآور اور محترم تھی۔ وہ مسلسل کئی برس تک آل انڈیا مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل رہے تھے، اور اُن ہی کی انتظامی صلاحیتوں نے مسلم لیگ کو ایک تنظیم کے طور پر کھڑا کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا تھا۔ ان کا قتل پاکستانی سیاست کا قتل ثابت ہوا، اور اقتدار میں نوکر شاہی کا عمل دخل بڑھتا چلا گیا۔ بونے اپنے آپ کو جن سمجھنے لگے، انہوں نے نہ صرف جسد سیاست کو تار تار کیا، بلکہ اپنے پاؤں پر بھی کلہاڑی ماری، اور خود بھی بے نگ و نام ہو گئے۔

لیاقت علی خان کی شہادت کے سات سال بعد جنرل محمد ایوب خان نے بحکم میجر جنرل سکندر مرزا صدر پاکستان اقتدار پر قبضہ کرلیا، اور اجتماعی زندگی کی بساط الٹ ڈالی۔ 9 سال کی محنت اور مشاورت کے بعد 23 مارچ 1956 کو پاکستان کو اپنا دستور نصیب ہوا تھا۔ اس دن پاکستان نے تاج برطانیہ سے مکمل طور پر اعلان لاتعلقی کیا، اور 1935ء کے ایکٹ کو، جو عبوری آئین کے طور پر رو بہ عمل تھا، ختم کرکے اپنے منتخب نمائندوں کا تیار کردہ آئین اپنایا۔ گورنر جنرل کا منصب ختم ہوا، اور سکندر مرزا پاکستان کے پہلے صدر منتخب ہوئے۔ دستور ساز اسمبلی سے یہ دستور منظور کرانے میں وزیر اعظم چودھری محمد علی کے زیر قیادت پاکستان مسلم لیگ اور شیر بنگال مولوی فضل الحق کی کرشک سرامک پارٹی نے کلیدی کردار ادا کیا۔ بعد ازاں عوامی لیگ کے رہنما حسین شہید سہروردی نے بھی اس پر مہر توثیق ثبت کردی۔ مشرقی اور مغربی پاکستان کے نمائندوں کے اتفاق رائے سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کو اس کی اساسی دستاویز نصیب ہوگئی، لیکن ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ صدر سکندر مرزا کی ہوس اقتدار آئین کے کوزے میں بند نہ رہ سکی۔ انہوں نے اسے سبوتاژ کرنے کے منصوبے بنانا شروع کیے، تاکہ وہ لامحدود اختیارات حاصل کر کے (بزعم خود) قوم کی قسمت بدل ڈالیں۔

ان حضرت نے ماہ اکتوبر کی 7 تاریخ کو (قیام پاکستان کے گیارہ اور لیاقت علی خان کے قتل کے سات سال بعد، 1958ء میں) کمانڈر انچیف جنرل ایوب خان کو "حکم" دیا کہ وہ اقتدار سنبھال لیں۔ سکندر مرزا کو دستور نے یہ اختیار نہیں دیا تھا کہ وہ اس کو منسوخ یا معطل کرڈالیں، لیکن انہوں نے بندوق سے ساز باز کرکے طاقت حاصل کر لی۔ جنرل ایوب خان ان کا حکم بجالائے، انہوں نے مڑ کر نہیں پوچھا کہ جناب، آپ اس قانون کے تحت یہ حرکت فرما رہے ہیں؟ صدر اور کمانڈر انچیف پاکستانی قوم کی اجتماعی ذہانت پر پانی پھیر کر مختار مطلق بن بیٹھے۔ سکندر مرزا جیسا کایاں شخص یہ بھول گیا کہ اس کی طاقت دستور کی کتاب میں پوشیدہ ہے۔ یہ کتاب پھاڑ ڈالی جائے گی تو وہ کٹی پتنگ بن کر رہ جائے گا۔ ٹھیک بیس دن بعد سکندر مرزا کے ساتھ وہی ہوا، جو اس طرح کے کوتاہ اندیش جاہ طلبوں کے ساتھ تاریخ کرتی چلی آئی ہے۔ گن پوائنٹ پر ان سے استعفیٰ لے کر برطانیہ روانہ کردیا گیا..... پہنچی وہیں پہ خاک جہاں کا خمیر تھا..... وہاں ایک ہوٹل کے منیجر کے طور پر کام کرکے یہ حضرت پیٹ کی آگ بجھاتے رہے۔ جب دُنیا سے رخصت ہوئے تو بھی وطن کی مٹی نصیب نہ ہوئی۔ انہوں نے بڑی نخوت اور حقارت کے ساتھ 7 اکتوبر 1958ء کو وزیر اعظم سر فیروز خان نون کے نام خط میں تحریر کیا تھا کہ اگر دستور نافذ رہا، تو پاکستان باقی نہیں رہے گا، اس لیے انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ دستور منسوخ کرکے اقتدار سنبھال لیں، یعنی پاکستان کے لیے "آب حیات" کا اہتمام کرڈالیں۔ سکندر مرزا کی جگہ جنرل ایوب خان نے اپنی تاجپوشی کر لی، کچھ عرصے بعد وہ فیلڈ مارشل بن گئے۔ اپنے ہی ملک کو فتح کرنے کا یہ انعام انہوں نے اپنے سینے پر سجالیا۔

اس کے بعد دُنیا نے دیکھ لیا کہ دستور کو منسوخ کرنے کا یہی اقدام پاکستان کو دولخت کرنے کا سبب بن گیا۔ فیلڈ مارشل ایوب خان نے اپنی صوابدید کے مطابق ایک آئین لکھوایا، اور طاقت کے بل پر اسے نافذ کردیا۔ اس کا آغاز ہی اس فقرے سے ہوتا تھا کہ "میں فیلڈ مارشل ایوب خان قوم کو یہ آئین دے رہا ہوں"..... پاکستان کی اجتماعی ذہانت نے اسے تسلیم کرنے سے انکار کردیا۔ اسمبلیوں کا براہ راست انتخاب ختم کرکے بالواسطہ انتخاب کا طریقہ اپنایا گیا۔ بالغ رائے دہی کو خیر باد کہہ دیا گیا۔ صدارتی نظام نافذ کرکے ایوب خان اپنے آپ کو بلامقابلہ صدر بھی منتخب کرا گذرے۔ اب پاکستان میں وہ کشمکش شروع ہو گئی جس سے وہ نا آشنا تھا۔ نظم اجتماعی پر تنازعہ اُٹھ کھڑا ہوا، اور قوم کے بڑے حصے نے فرد واحد کے دیئے گئے دستور کو اپنی توہین سمجھ کر اسے قبول کرنے سے انکار کردیا۔ گویا ایک ایسی "خانہ جنگی" شروع ہوگئی جس میں توانائی ضائع ہوتی گئی۔ قوم اپنے آپ سے اُلجھ کر اپنے آپ کو زیر کرنے میں لگ گئی۔ ایک دن آیا کہ فیلڈ مارشل ایوب خان کی ترقی تمام ہوئی، عوامی بغاوت کے سامنے ان کا اقتدار بے بس ہوگیا، اور وہ اپنے ہی بنائے ہوئے دستور کے مطابق بھی اپنی قومی اسمبلی کے پیکر کو اقتدار منتقل نہ کر پائے۔ ان کی کم ہمتی اور کوتاہ نظری نے اقتدار پھر کمانڈر انچیف کی جھولی میں ڈال دیا۔ اپنے پیشرو سکندر مرزا کے راستے پر چلتے ہوئے انہوں نے اپنے کمانڈر کو اقتدار سنبھالنے کی دعوت دے ڈالی، گویا ملک نہ ہوا، ان کے فرزند ارجمند کی دعوت ولیمہ ہوگئی۔ جنرل یحییٰ خان تو منتظر بیٹھے تھے، بھاگم بھاگ ایوان صدر پر قابض ہو گئے۔ اس کے بعد جو کچھ ہوا، اس کی تفصیل میں جانے کا محل نہیں، انہوں نے 1956ء کا دستور بحال کرنے کے بجائے نیا دستور بنوانے کے لیے نئی دستور ساز اسمبلی بنانے کا اعلان کیا، اور نتیجتاً ملک دو حصوں میں تقسیم ہوگیا۔ مشرقی اور مغربی پاکستان کے منتخب رہنما دستوری خاکے پر متفق نہ ہوئے، طاقت کے نشے میں چور یحییٰ خان نے فوجی کارروائی کرڈالی۔ شیخ مجیب الرحمٰن گرفتار ہوئے، ان کی پارٹی پر پابندی لگائی گئی، لیکن متحدہ پاکستان کی قسمت میں کوئی دوسرا دستور نہ لکھا جا سکا۔ دو ٹکڑوں میں بٹ کر مغربی پاکستان (آج کے پاکستان) کے نمائندوں نے ایک ایسی دستاویز پر اتفاق کرلیا جو آج بھی نافذ العمل ہے۔ کئی چکولوں اور صدموں کے باوجود اس دستوری خاکے پر پاکستانی ریاست استوار ہے۔ جو راستہ سکندر مرزا نے ریاست کے استحکام اور بقا کے لیے چنا تھا، وہی اسے دولخت کرنے کا سبب بن گیا۔ سکندر مرزا کا راستہ تباہی کا راستہ ثابت ہوا۔

"سن ونجھڑی دی مٹھڑی تان"

اے میرے "اچھیاں شاناں تے پنجے وھیاناں" والے کپتان مہنگائی آج ہے اور آپ اس کے

ایشار رانا

خلاف آپریشن کل سے شروع کرنے اعلان کر رہے ہیں۔ میں تو سمجھتا تھا کہ اس دنیا میں میرے سادہ کوئی نہیں آپ کہتے ہیں ہمیں شک ہے کہ مہنگائی کے پیچھے سازش ہے۔ شکر ہے دو ڈھائی سال میں آپ کو یہ شک تو ہوا امید ہے کہ اگلے ڈھائی سال میں آپ کو یقین بھی ہو جائے گا۔ اس ڈلف کے سر ہونے تک ہم اور ہمارے بچے اگر بھوک سے جنگ لڑتے زندہ رہے تو یقیناً آپ کے منہ سے اس یقین کو بھی سن لیں گے۔ فی الحال تو "اساں جان کے اکھ میچ لئی" ہے اور آنکھوں میں نئے پاکستان کا جھوٹی موٹی کا لکھ بھی ڈال لیا ہے "ہور دسو ساڈے لائق کوئی حکم ہے تے"۔ بندہ یہ بندا اس ہے، سنتا سنگھ نے ڈاکٹر بنتا سنگھ کو فون کیا، ڈاکٹر صاحب غلطی سے دو پیٹا ڈول کھا گیا ہوں کیا کروں؟، بنتا سنگھ بولا اب سر درد کا بندوبست کرو تا کہ گولیاں ضائع نہ جائیں۔ تو میرے دیو مالائی سحر رکھنے والے کپتان شکر ہے "نئے پاکستان" کی پیٹا ڈول کھانے کے بعد آپ نے اتنے سر درد مہیا کردیئے ورنہ گولیاں ضائع جاتی تھیں۔

اپوزیشن نے نجانے جلسے کرنے بھی ہیں یا نہیں اگی تحریک کرونا کے شور شرابے میں نہ دبا دی جائے آپ نے گوجرانوالہ میں جلسہ کھڑکا کر کھڑک سنگھ کی یاد تازہ کردی جس کے کھڑکنے سے کھڑکیاں کھڑک جاتی تھیں۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آپ کے اور اپوزیشن کے جلسوں سے آٹا تلاش کرتے، چینی ڈھونڈتے، بجلی اور گیس کے بلوں کی رقم ادھار مانگتے، دو روٹی کو ترستے عوام کو کیا ملے گا؟۔ میاں نواز شریف نہ میرے ہیں، نہ اتنے بھولے کہ وہ اپنا ترب کا پتہ کھیل چکے ہوں۔ مجھے لگتا ہے وہ مرلی دھرن کی طرح بہت کیلکولیٹڈ بولر ہیں اور سوچ سمجھ کر اپنی گیند بازی کر رہے ہیں۔ لیکن مرلی دھرن کی اس بولنگ سے آپ کا دھڑن تختہ ہو نہ ہو عوام کا بستر گول ہو جائے گا۔ آپ دو سے ایک روٹی پر تولے آئے ہیں میاں صاحب کی تحریک نے جڑ پکڑی تو عوام ایک سے آدھی پر آجائیں گے۔ ویسے میری اپوزیشن سے درخواست ہے کہ اگر وہ اپنی تحریک کامیاب کرنا چاہتے ہیں تو اس میں کسی طرح عمران خان کو بھی اپنے ساتھ کر لیں۔ دو سال سے عمران خان کو پوری اپوزیشن نے اتنا نقصان نہیں پہنچایا جتنا خود عمران خان نے خود کو پہنچایا ہے۔ آپ اسے عقیدت سمجھیں، چاہت سمجھیں یا اطاعت ہم اب بھی یہی سمجھتے ہیں کہ جمہوریت کا تقاضہ ہے کہ پی ٹی آئی کو پانچ سال پورے کرنے دیئے جائیں۔ لیکن جانتے ہیں ہماری اس معصوم خواہش کا کچھ عمل نہیں پڑے گا۔ کیونکہ پنچوں کا کہا سر آنکھوں پر لیکن پرنالہ وہیں بہے گا جہاں بہنا چاہے گا اور ریس کے سارے گھوڑے گھبر کے ہیں۔ بلکہ اس ریس میں کچھ گدھے بھی گھبر کے ہی ہیں۔

بقول وزیر اعظم عمران خان، نواز شریف فوج کو پنجاب پولیس بنانا چاہتے تھے۔ ہماری ان سے درخواست ہے زرا اپنی "منجھی تھلے ڈانگ سوٹا" پھیر لیں ان کے سی سی پی او پولیس کو فوج بنانا چاہتے ہیں وہ کرپٹ افسروں کا کورٹ مارشل کریں گے۔ بس دعا ہے بات کورٹ مارشل تک ہی رہے پولیس کے ہاتھوں مارشل لاء تک نا جائے۔ شیخ صاحب جس "شبھ شبھا" سے آئے ہیں اور جو کرنا چاہتے ہیں بظاہر وہ کلے بندے کا کام نہیں لگتا۔ یہی وجہ ہے کہ چار وفاقی وزراء اور ایک شہزاد اکبر کو وزیر اعلیٰ پنجاب کی خدمت میں پیش ہونا پڑا کہ "باؤجی تسی وی گئے گوڈیاں نوں تیل مل لو" آنے والے دنوں میں پنجاب میں بڑی سیاسی "مچھ نس" ہونے والی ہے۔ وزیر اعلیٰ بندے شریف اور سادہ ہیں انہوں نے ساری زندگی شرافت سے گذاری ہے۔ پتہ نہیں انہیں وزراء کی بات کی سمجھ آئی یا نہیں۔ مسجد میں لڑکے نے نمازی سے کہا انکل یہاں کی وائی فائی کا کوڈ کیا ہے، نمازی غصے سے بولا استغفر اللہ، سادہ اور سیدھا، معصوم لڑکا بولا انکل استغفر اللہ کا اے کیپٹل ہے یا

(جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

خدمت خلق کی اہمیت وافادیت

خدمت خلق دین اسلام اور تمام مذاہب عالم میں قابل تحسین وستائش رہا ہے بلکہ دین اسلام کا جزء ہے اس وجہ سے کہ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید

کالم نگار جمیل احمد ابڑو

حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے پوچھا قرآن مجید کا خلاصہ تین باتوں میں بتائیں تو فرمایا کہ عبادت خداوندی اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور خدمت خلق قرآن مجید کا خلاصہ ہے۔ خدمت خلق کی فضیلت واہمیت تو تمام احکام کے نازل ہونے سے پہلے نگاہ شریعت میں تاریخ کے اوراق میں نمایاں ملتی ہے وہ اس طرح کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر غار حرا میں آغاز وحی میں سورہ علق کی ابتدائی پانچ آیات نازل ہوئیں تو وحی کے بوجھ کی وجہ سے غار حرا سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آکر فرمایا مجھے چادر اوڑھیے مجھے چادر اوڑھیے کیونکہ وحی کا آغاز تھا اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابتدائی آیات کے نزول کی وجہ سے گھر تشریف لے آئے پھر حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے تسلی دی کہ آپ گھبرائیں نہیں آپ تو بھوکوں کو کھانا کھلاتے ہیں پیاسوں کو پانی پلاتے ہیں اور غریبوں بے کسوں بے نواؤں اور ناداروں کی مدد کرتے ہیں جس کو عام الفاظ میں خدمت خلق کہتے ہیں

دین اسلام کے بنیادی احکامات جس کو خلاصہ دین کہا جاتا ہے وہ یہ ہیں ایمانیات عبادات اخلاقیات معاملات اور معاشرت حسن معاشرت کا تقاضا یہ ہے کہ معاشرے میں خدمت خلق کو بھی بجالاتا ہے صرف دین عبادات کا نام نہیں ہے بلکہ اخلاقیات معاملات اور معاشرت کو روبہ عمل لاکر نگاہ شریعت میں معتبر بنتا ہے۔

خدمت انسانیت کو شریعت نے بہترین اخلاق اور عظیم عبادت قرار دیا ہے کہ مسلم شریف کی حدیث مبارکہ میں ذکر ہے کہ مخلوق اللہ رب العزت کا کنبہ وخاندان ہے اور اللہ رب العزت کو سب سے زیادہ محبوب ومطلوب وہ شخص ہے جو اس کے کنبے اور خاندان کے ساتھ نفع بخش اور اچھے طریقے سے پیش آئے تو اللہ رب العزت کی ذات اقدس خاندان سے مبرا ومنزہ اور پاک ہے جس کو سبحان اقدس والی ذات کہا جاتا ہے یہاں پر خدمت انسانیت کی اہمیت وافادیت بطور مثال دوسرے انسانوں کو سمجھائی گئی ہے دوسری حدیث مبارکہ میں ہے کہ لوگوں میں سے سب سے بہترین وہ وہ شخص جو دوسرے لوگوں کو نفع پہنچائے اس سے معلوم ہوا کہ انسانیت جب اللہ رب العزت کا کنبہ ہے تو اللہ رب العزت کے کنبے کو بھوکا پیاسا رکھنا اور بے عزت کرنا ہے جا کسی کو تکلیف دینا یہ اللہ رب العزت سے دشمنی رکھنے کے مترادف ہے

ایک مشہور بزرگ گزرے ہیں جس کا نام مالک بن دینار تھا اس کے متعلق لکھا ہے کہ مخلوق خدا کی خدمت کرنے سے اللہ رب العزت نے اپنی رضامندی اور محبت کا انعام دیا وہ اس طرح کہ ایک مرتبہ حضرت مالک بن دینار خواب میں کسی بزرگ کو دیکھ رہے ہیں جس کے ہاتھ میں ایک رقعہ ہے جس میں کچھ لکھا ہوا ہے تو مالک بن دینار نے پوچھا کیا لکھا ہوا ہے اس رقعہ میں اس بزرگ نے فرمایا ان لوگوں کے ناموں کی فہرست ہے جو اپنے پیارے رب العالمین سے محبت کرتے ہیں مالک بن دینار نے جلدی پوچھا کہ کیا میرا نام بھی ہے؟ جواب ملا نہیں ہے! مالک بن دینار پریشان ہو گئے ابھی تک میں اپنے اللہ رب العزت سے محبت کرنے کے قابل نہیں ہوا ہوں پھر دوسری مرتبہ حسب سابقہ شب وہی بزرگ خواب میں آیا اور وہی رقعہ تھا پھر مالک بن دینار نے پوچھا پھر کیا لکھا ہے اس رقعہ میں بزرگ نے فرمایا ان لوگوں کے ناموں کی فہرست ہے جن سے اللہ رب العزت خود محبت فرماتے ہیں مالک بن دینار نے پوچھا میرا نام ہے بزرگ نے کہا کہ آپ کا نام تو سر فہرست ہے مالک بن دینار بہت خوش ہوئے تو مالک بن دینار کا کیا عمل تھا جس کی وجہ سے اللہ رب العزت خود محبت فرماتے ہیں وہ عمل صرف خدمت خلق تھا آج کل تو المیہ یہ ہے کہ عبادت صرف نماز روزہ حج زکوٰۃ کو سمجھ رکھا ہے

تو آیئے عبادات کے ساتھ غریبوں مسکینوں لاچاروں یتیموں اور بیواؤں مسافروں محتاجوں ناحق قیدیوں اور معاشرے میں جو بھی کمزور طبقہ ہے اس کے ساتھ ہمدردی اور محبت ایثار وقربانی کا مظاہرہ کرکے خدمت انسانیت کو اپنا فرض اولین سمجھ کر حقیقی انسان ہونے کا ثبوت دیں۔

سیف سٹی پروجیکٹ
میر اسلم رند

سیف سٹی پروجیکٹ کدائی کی وجہ سے شہر کے اکثر علاقوں میں گیس پائپ لائن لیک ہوگیا ہے آج رات شہر کے لوگ بہت زیادہ پریشانی میں مبتلا ہو گئے ہیں ایک دوسرے کو فون کر رہے ہیں کئی خدا نخواستہ کئی دہشت گردی کی وجہ سے تو ایسا نہیں ہو رہا ہے کیونکہ شہر کے تمام علاقوں میں گیس کی بو پھیل چکی ہے لوگوں نے ذرا کی وجہ سے اپنے گھروں کے چولہے بجھا دیئے ہیں، گزشتہ ایک سال سے پورے شہر میں سیف سٹی کے نام سے کدائی جاری ہے شہر کے مین شاراہوں کو ٹھیکیدار نے کھدائی کرکے توڑ دیا ایک سال سے کوئٹہ شہر کو لوگ اذیت میں مبتلاء ہو گئے ہیں گزشتہ سال سابقہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن پروینس بابو نے سیف سٹی پروجیکٹ کے ٹھیکیدار کو پورے شہر میں کھدائی کی اجازت دے دی تھی ٹھیکیدار صاحب نے پورے شہر کو کنڈرات میں تبدیل کردیا ہے اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کو اس مد میں ایک پیسہ بھی ادا نہیں کیا گیا حالانکہ کمشنر آفس کے ہی ایک نوٹیفکیشن کے مطابق 856 روپے فی اسکوئر فٹ روڈ کٹنگ متعین کیا گیا ہے اس روڈ کٹنگ کے مد میں ٹھیکیدار کے ذمے کروڑوں روپے بنتے ہیں جب ایک عام کنٹریکٹر اپنا بلکہ یا گیس لگاتا ہے تو صرف 30 فٹ کے اس کو ہزاروں روپے میٹروپولیٹن میں جمع کروانے پڑتے ہیں لیکن سیف سٹی پروجیکٹ کے ٹھیکیدار نے ایک روپیہ بھی سرکار کے کھاتے میں جمع نہیں کروا گزشتہ 3 مہینے پہلے کئی علاقوں میں ایم پی صاحبان یا میٹروپولیٹن نے ان گڑھوں کو بھر دیا تھا لیکن ابھی انہوں نے دوبارہ کدائی شروع کردی ہے سب سے بڑا المیہ یہ ہے ٹھیکیدار صاحب اپنے ساتھ لیبر بھی باہر کے صوبے سے لائیں ہیں ان کو کوئٹہ شہر کے گیس اور پانی کے لائینوں کے بارے میں کچھ نہیں معلوم اس وجہ سے ایسے سانحات پیش آرہے ہیں بلوچی کا ایک محاورہ ہے زور کو زاری ہے اس وجہ سے وہ مادر پدر آزاد ہے۔

اپوزیشن کی تحریک، کیا حکومت غلطیاں دہرا رہی ہے؟

وزیر اعظم عمران خان نے انصاف وکلاء فورم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بظاہر یہ پیغام دیا ہے کہ انہیں اپوزیشن کے احتجاج کی کوئی فکر

نسیم شاہد

نہیں، لیکن ان کی باتیں یہ ظاہر کر رہی تھیں کہ آج کل ان کے ذہن پر صرف اپوزیشن کا مجوزہ احتجاج ہی چھایا ہوا ہے۔ یہ وہ موقع ہے کہ جب وزیر اعظم سمیت پوری کابینہ اور تحریک انصاف کو سوچ سمجھ کر فیصلے کرنے چاہئیں، باتیں بھی پہلے تولنے کے بعد کی جائیں تو ان کے حق میں بہتر ہوگا، کیونکہ جب بھی حکومت کے خلاف تحریک چلتی ہے تو اسے ہوا خود حکومت سے ملتی ہے، اگر ہوا نہ ملے تو اس کے غبارے بن کھلے مرجھا جاتے ہیں، لیکن ایسا نہیں لگ رہا کہ حکومت نے اس حوالے سے کوئی ہوم ورک کیا ہے۔ وہی پرانے جھکنڈے اور وہی پرانی حکمت عملی اب بھی اختیار کی جارہی ہے۔ مثلاً اس بات کی کیا ضرورت تھی کہ لیاقت باغ راولپنڈی میں عوامی طاقت کا مظاہرہ کیا جائے۔ حکومت کا یہ کام نہیں ہوتا کہ وہ جلسے کرے۔ کیا کئی دہائیوں پر مبنی سیاسی تاریخ میں چنداریوں اور سرکاری عمال کے ذریعے جلسے کرنے کی روایت برقرار نہیں رہی؟ کیا کوئی حکومت اس حکمت عملی کی وجہ سے بچ سکی؟ اُلٹا معاملہ ہاتھ سے نکلتا چلا گیا، حتیٰ کہ وہ آمر بھی جو پورے حکومتی وسائل سے اپنی حمایت میں جلسے منعقد کراتے رہے، بالآخر عوامی دباؤ پر اقتدار سے محروم ہوئے۔ حکومت اگر خود جلسے کرنے لگے تو ان سے اپوزیشن کے کارکنوں میں ایک جوش وجذبہ پیدا ہوتا ہے۔ وہ نہ چاہتے ہوئے بھی جلسوں میں شریک ہوتے ہیں، تاکہ اپنی برتری ثابت کر سکیں۔ مجھے لگتا ہے کہ آنے والے دنوں میں کپتان کے مشورہ ساز بھی انہیں ایسے ہی کاموں میں الجھا دیں گے۔ اُدھر اپوزیشن جلسے کرے گی اور اِدھر حکومت جواب دے گی۔ اس کا فائدہ کسے ہوگا؟ ظاہر ہے اپوزیشن کو جو ملک میں بے یقینی اور انتشار پیدا کرنا چاہتی ہے۔

کپتان اپوزیشن کے خلاف جتنی زیادہ تقریریں کریں گے، اتنی ہی اس میں جان پڑتی جائے گی۔ یہ بڑا سیدھا سا فارمولا ہے، جسے اقتدار میں رہنے والا ہمیشہ بھول جاتا ہے۔ اب بھلا کپتان کو گڑے مردے اکھاڑنے کی کیا ضرورت تھی؟ یہ کہنے کا کیا یہ مناسب وقت تھا کہ نواز شریف فوج کو پنجاب پولیس بنانا چاہتے تھے۔ یہ باتیں تو وہ کنٹینر پر کھڑے ہو کر کئی بار کہہ چکے ہیں۔ کیا وزیر اعظم کی حیثیت سے انہیں یہ غیر مصدقہ بات کرنی چاہیے تھی کہ نواز شریف فوج کو پنجاب پولیس بنانا چاہتے ہیں۔ کیا ایسا ممکن ہے کہ اس کے بارے میں سوچا بھی جائے۔ کیا دنیا کو اس سے کوئی مثبت پیغام ملے گا؟ کیا پاک فوج کا انتظامی ڈھانچہ اور کمانڈ اینڈ کنٹرول اتنا ڈھیلا ڈھالا ہے کہ کوئی بھی اسے فوج سے پولیس بنا سکتا ہے۔ یہ صرف سیاسی الزام تراشی کا سامان تھا، جسے وزیر اعظم کی حیثیت سے ہرگز نہیں دہرایا جاسکتا۔ پھر ان کا نواز شریف سے ٹھیکی کا موازنہ کرنا بھی سیاسی بیانیہ ہوسکتا ہے، ایک وزیر اعظم کا بیانیہ ہرگز مناسب نہیں۔ اول تو کسی پارٹی عہدیدار کی بات کو لے کر اس طرح موازنہ کرنا دانشمندانہ بات نہیں، کیونکہ یہ خیال بھی رکھنا ضروری ہوتا ہے کہ ایرانی عوام ٹھیکی سے کس قدر عقیدت رکھتے ہیں۔ کوئی غلط جملہ کوئی غلط بات مشکلات پیدا کرسکتی ہے۔ لوگ تو اس پر بھی معترض ہیں کہ وزیر اعظم نے طلال چودھری کے حوالے سے قومی سطح پر نشر ہونے والی اپنی تقریر میں تنظیم سازی کی بات کیوں کی، کیوں اس تکیے کو بھول گئے کہ اب اس لفظ کے معانی ذو معنی ہو چکے ہیں اور انہیں مناسب نہیں سمجھا جاتا۔

وزیر اعظم عمران خان اگر خود ایسا غیر سنجیدہ ماحول بنا دیں گے تو ان کے وزراء اور مشیر تو پورا باغ اجاڑ دیں گے۔ ان کی بوالعجبیاں تو پہلے ہی ماحول کو پراگندہ کئے ہوئے ہیں۔ کوئی تحریک چل رہی ہو تو حکومت کی سب سے بڑی کامیابی یہ ہوتی ہے کہ اس کے معمولات بالکل نارمل انداز سے چل رہے ہوں۔ اگر معمولات میں خلل پیدا ہو جاتا ہے تو سمجھو اپوزیشن پہلی کامیابی حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئی۔ ابھی نواز شریف کی پہلی تقریر نشر نہیں ہوئی تھی کہ بابا کارنج گئی تھی۔ ان کے خلاف تمام وزراء نے اپنی توپوں کے دہانے کھول دیئے تھے۔ یوں لگتا تھا، جیسے یہ حکومت نواز شریف کے ایک خطاب کی مار ہے۔ اس دن کے بعد سے حکومت غلطی پر غلطی کر رہی ہے۔ بغاوت کا مقدمہ، راولپنڈی میں جلسہ، پکڑ دھکڑ، وزیر اعظم کی جیلوں میں ڈالنے اور عام قیدیوں کی طرح رکھنے کی وارننگ، وزیروں مشیروں کی دن میں

(جاری ہے)

"دنیا بھر میں بے گناہ مسلمانوں کا قتل عام"

آج ہم اس دور میں جی رہے ہیں۔ جس میں قتل و غارت عام ہوچکی ہیں۔ آج کے دور میں مرنے

بادل ساجدی

والے کو یہ معلوم نہیں ہوتا ہے کہ وہ کیوں قتل ہو رہا ہے۔ اور مارنے والے کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ہے وہ کیوں کسی کو قتل کر رہا ہے۔ سب سے زیادہ اس طرح کے حالات مسلمانی ملکوں کی ہیں۔ عربستان میں سعودی عرب اور بحرین کو چھوڑ کر باقی تمام عرب ملکوں کی حالات معمول کی مطابق ہیں۔

بات سعودی عرب اور بحرین کا ہے۔ وہاں کے معملات کچھ مختلف ہے۔ سعودی عرب کی جھڑپیں یمن کے ساتھ ہوتی ہے وہ بھی فرقہ واریت فسادات کی بناء پر ہوتی ہے۔ اور بحرین کا معملات بھی کوئی مختلف نہیں۔ مگر یہ دنوں ممالک چاہیے اپنے حالات کو بہتر کرسکتے ہیں۔ مگر اسکے لیے یہ خود حکمت عملی کا مظاہرہ نہیں کرتے۔ مزاکرات کے لیے قدم آگے نہیں بڑھاتے ہیں۔ اگر یہ ممالک چاہیے مزاکرات کرکے اپنے خطے میں امن کو بحال کرسکتے ہیں۔

اور باقی جو عرب ممالک ہیں۔ انکے امن وامان کی صورتحال بہت اچھی ہے۔ کیونکہ وہ امریکہ کے پیروکار ہیں۔ اور کچھ امریکہ کے پیروکار بننے والے ہیں۔ ان میں کچھ نے امریکہ کے کہنے پر اسرائیل کو تسلیم بھی کرلیا۔ اور کچھ کرنے والے ہیں۔ مگر ایک بات صاف واضح ہوگیا ہے کہ عربی لوگ صرف اپنے مطلب کے ہے۔ جب عربی اسرائیل کو تسلیم کر رہے تھے تو کچھ معاہدے امن وامان کے لیے بھی کرتے۔ مگر وہ کیوں کریں انکو باقی مسلمانی ملکوں سے کوئی سروکار نہیں ہے۔

کہیں سالوں سے فلسطین جل رہا ہے۔ فلسطین کو جلانے والا اسرائیل ہے۔ وہاں بے گناہ مسلمانوں کی قتل عام جاری ہے۔ اور اتفاق سے وہاں ظلم وستم کرنے والا اسرائیل ہے۔ مگر عربوں نے اپنے فائدے کے لیے اسرائیل کو تسلیم کیا۔ مگر انکے ضمیر نے یہ تک گوارہ نہیں کیا کہ وہ اسرائیل سے فلسطین کے لیے مکمل جنگ بندی کا معاہدہ کرواتے۔ تاکہ فلسطین میں امن قائم ہوجاتا اور مسلمانوں کی قتل عام بند ہوجاتا۔ اسکے بعد ان اندھوں کو کشمیر میں ہندوستان کا جاری کردہ ظلم وستم کا مناظر نظر نہیں آئیں۔ سال بھر سے کشمیر میں بھارتی فوج نے مکمل کرفیو لگایا

شال بقیہ 1

جارہے تھے جو ایران سے متصل سرحدی علاقے چیدگی کے راستے پنجگور میں داخل ہوئے تھے پولیس نے واقعہ کی رپورٹ درج کرکے مغویوں کی تلاش شروع کردی ہے مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 2

جام کمال خان کی قیادت میں صوبہ کے دور دراز کے علاقوں کی ترقی کیلئے شب و روز کوشاں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بستی وڈیرہ نیاز محمد جوگیانی (پنجگور) میں واٹر سپلائی اسکیم کے افتتاح کے موقع پر موجود عوام الناس سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ وڈیرہ اللہ داد، سردار ایشانی وڈیرہ نواب خان نانڈھا، سردار زادہ سلام شاہ کھیتران، میر ایوب خان کھیتران و دیگر قبائلی معززین بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام کے معیار زندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے صاف و شفاف ترقیاتی عمل ہماری اولین ترجیحات کا حصہ ہیں۔ جاری ترقیاتی اسکیمات کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ بعد ازاں صوبائی وزیر نے گورنمنٹ پرائمری اسکول بستی حاجی ابراہیم مری کے زیر تعمیر عمارت کا دورہ بھی کیا اور وہاں جاری تعمیراتی کام کے معیار کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے شعبے پر مستقل اور سنجیدہ انداز میں توجہ کی ضرورت ہے۔ کیونکہ تعلیم ہی وہ واحد ذریعہ ہے جس سے ہم ترقی یافتہ اقوام عالم میں برابری ممکن بنا سکتے ہیں۔ تاہم علاقے کے عوام نے صوبائی وزیر کی ترقی پسند کاوشوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے انکا شکریہ ادا کیا، بعد ازاں صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے قبائلی رہنماء حاجی عبدالرحمن پدل کی جانب سے انکے اعزاز میں دی گئی دعوت میں شرکت کی۔

شال بقیہ 3

رہے کہ ملک میں بڑھتی مہنگائی کے پیش نظر وزیر اعظم عمران خان نے گزشتہ روز اپنی ٹوئٹ میں کہا تھا ہر سے شروع ہونے والے ہفتے ہماری حکومت اشیائے خورونوش سستی کرنے کیلئے تمام ریاستی وسائل بروئے کار لائیگی، ہم پہلے ہی مہنگائی کے عوامل کا جائزہ لیتے ہوئے تعین کررہے ہیں کہ آیا رسد میں واقعی کمی ہے، یا پھر مافیا کی جانب سے ذخیرہ اندوزی و اسمگلنگ وغیرہ اس کا سبب ہے، یا دالوں اور پام آئل وغیرہ کی عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی قیمتیں اس کی وجہ ہیں۔

شال بقیہ 4

کررہے ہیں، وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو نے مزید کہا کہ صوبہ بلوچستان میں موجودہ دور حکومت میں جتنے ترقیاتی اقدامات کئے جارہے ہیں ان کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی ✕ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان ترقیاتی منصوبوں کی خود نگرانی کرکے منصوبوں کی شفافیت کو یقینی بنارہے ہیں ✕ صوبے کے دور دراز علاقوں میں بھی سڑکوں کی تعمیر کو یقینی بنایا جارہا ہے ✕ صحت کی سہولیات میں بہتری و اضافہ موجودہ حالات کے مطابق کیا گیا ہے تاکہ عوام کی صحت کو ہر ممکن یقینی بنایا جائے ✕ صوبے کے ہر اضلاع میں تعلیم و تعمیل کی بہترین سہولیات فراہم کی گئی ہیں ✕ پانی کی قلت پر قابو پانے کیلئے ڈیم تعمیر کئے جارہے ہیں ✕ اس طرح کے اقدامات پی ڈی ایم والے کئی سال پہلے کرسکتے تھے لیکن انہوں نے انفرادی ترقی کو ترجیح دی جس کی وجہ سے عوام نے انہیں مسترد کردیا ✕ اب ان کے پاس عوام کی توجہ حاصل کرنے کیلئے کوئی جواز موجود نہیں۔

شال بقیہ 5

فسادات چاہتی ہیں جنہیں باہمی اتحاد سے ہمیں ناکام بنانا ہے۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل و معاون خصوصی وزیر اعظم پاکستان حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ مولانا عادل خان کے قاتل فوری گرفتار کیے جائیں اور جن مجرموں نے محرم الحرام سے قبل ملک میں توہین و تکفیر کی ہے ان کو گرفتار کیا جانا چاہیے۔ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے وفاقی وزیر داخلہ کو ملک میں انتہا پسندی کونسل کے قیام کے سلسلہ میں آگاہ کیا اور وفاقی وزارت داخلہ کے ساتھ مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ وفاقی وزیر داخلہ بریگیڈیئر (ر) اعجاز شاہ نے کہا کہ توہین و تکفیر کرنے والے مجرموں کی اکثریت گرفتار ہوچکی ہے اور جو باقی ان کو بھی گرفتار کیا جائیگا اور قرار واقعی سزا دی جائے گی۔ انہوں نے انتہا پسند پارٹی کونسل کے سلسلہ میں حافظ محمد طاہر محمود اشرفی کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ انتہا پسند پارٹی کونسل کے قیام سے ملک میں بین المسالک و بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری میں اضافہ ہوگا اور مسائل کو لوکل سطح پر حل کرنے میں مدد ملے گی۔

شال بقیہ 6

بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی اے کی جانب سے ٹک ٹاک پر پابندی سے ٹیکنالوجی کے بزنس کو نقصان پہنچے گا اسلئے انہوں نے وزیر اعظم پاکستان کو ٹک ٹاک پر پابندی پر نظر ثانی کیلئے خط لکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹک ٹاک، یوٹیوب یا فیس بک کمپنیاں نہیں بلکہ انہیں پورا ملک سمجھیں کیونکہ ان کمپنیوں کے بجٹ ہمارے ملکوں کے بجٹ سے زیادہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا دہشت گردی اور منی لانڈرنگ کے حوالے سے نام آرہا ہے، بھارت کے 44 ممالک میں منی لانڈرنگ کے حوالے سے نام آیا ہے اور وہ دہشتگردوں کے گروپوں کی مدد بھی کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف اے ٹی کے حوالے سے پاکستان اپنا کردار ضرور ادا کریگا۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز جو تحریک چلا رہی ہیں اس کا کوئی جواز نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف اے ٹی ایف میں بھی ہمیں این آر او کے لئے بلیک میل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی معیشت بہتر ہونے لگتی ہے تو ملک دشمن سرگرم ہوجاتے ہیں، ملک میں مہنگائی کی وجہ آمدن کم اور اخراجات کا زیادہ ہونا ہے۔

شال بقیہ 7

انور ساجدی، ڈاکٹر جبار خٹک، ممتاز مزدور رہنما لیاقت ساجی، کیپٹن فہیم الزمان، اور میر حاصل بزنجو کے ذمانہ طالب علمی کیساتھیوں نے کثیر تعداد میں شرکت کرکے اپنے مرحوم قائد کو خراج عقیدت پیش کیا ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے قائد و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا میر حاصل بزنجو نے زمانہ طالب علمی سے سیاست کا آغاز کیا وہ اپنے اصولوں اور نظریات پر مقدم رکھتے تھے ہوئے پارلیمنٹ میں مظلوم قوموں اور کچلے ہوئے طبقات کے بیباک نمائندے تھے وہ ملک میں ہم خیال اور ہم نظریات جماعتوں کیا تحاد کیلئے زندگی کے آخری لمحے تک سرگرداں رہے اب جبکہ وہ اس دنیا میں نہیں ہیں تو ہم سب کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم سب ملکر انکے مشن کو مکمل کریں انہوں نے کہا ملک میں تبدیلی لانے کے لئے عوام کو منظم کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ منظم عوام ایک ایسی قوت ہوتے ہیں جو آمریت کو جڑ سے اکھاڑ دیتے ہیں اس کام کیلئے ملک کی تمام جمہوری قوتوں کو اکٹھا ہونا ہوگا، انہوں نے کہا گزشتہ سات دہائیوں سے ملک کو غلط طریقے سے چلایا جارہا ہے غلطیاں اور لوگ کرتے ہیں لیکن سزا سیاست دانوں کو دی جاتی ہے حال ہی میں چند نئی سازشیں سامنے آئی ہیں خطیہ طور پر ایک آرڈی نینس کے ذریعے سندھ اور بلوچستان کے ساحلی علاقوں کو وفاق میں شامل کردیا گیا ہے اور دوسری سازش یہ ہورہی ہے کہ بلوچستان کو ساؤتھ اور نارتھ کے نام سے پیش کیا جارہا ہے جبکہ مکران، خاران، واشک، آواران اور دوسرے علاقے سب ایک ہی ہیں ہم ساحلی علاقوں پر قبضہ اور بلوچستان کی تقسیم کی سازشوں کو کبھی بھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے نیشنل پارٹی نے پہلے بھی اس طرح کیا قدامات کی مخالفت کی ہے اور آئندہ بھی اس طرح کیا قدامات کی مخالفت کریں گے، ڈاکٹر مالک نے کہا پاکستان ایک کثیر القومی ملک ہے ہم کسی قوم سے اس کا وطن چھیننے کی اجازت ہرگز نہیں دینگے، انہوں نے کہا پی ڈی ایم کی آمریت مخالف جدوجہد میں نیشنل پارٹی اپنا کردار بھرپور طریقے سے ادا کررہی اور ہماری یہ بھی کوشش ہے کہ نیشنل عوامی پارٹی (نیپ) جیسی کوئی بڑی پارٹی بنائی جائے جس میں نیشنل پارٹی، عوامی ورکرز پارٹی اور مزدور کسان پارٹی شامل ہوں۔ تعزیتی ریفرنس سے طاہر بزنجو، انور ساجدی، خیر جان بلوچ، یاسمین لہڑی، مخدوم ایوب قریشی، ملک توصیف، یوسف مستی خان، شاہ محمد شاہ، اسلم غوری، لیاقت ساجی، عبدالحلیم بلوچ اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا، نظامت کے فرائض مجید ساجدی نے انجام دیئے۔

شال بقیہ 8

قیادت کی، دور جنما پاکستانی لڑکیوں کی رول ماڈل ہیں۔ اقوام کو بچیوں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ اپنی بچیوں کے مستقبل پر سرمایہ کاری کرنے والی اقوام اپنی دور کیلئے قابل فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی اقوام پرامن، بقائے باہمی و ترقی پسند معاشروں کی بنیاد کو مضبوط بنانے کا باعث ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مذکورہ قومیں محدود وسائل رکھنے والے ممالک کے لیئے بھی حوصلہ بڑھا رہی ہیں، فاطمہ جناح اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو پاکستانی لڑکیوں کی رول ماڈل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فاطمہ جناح اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنے دور کے بدترین فوجی آمروں کے خلاف قوم کی قیادت کی۔ انہوں نے کہا کہ ہر پاکستانی لڑکی کو اگر مطلوبہ ماحول، تعلیم اور سہولیات فراہم کی جائیں تو وہ فاطمہ جناح اور (شہید محترمہ) بینظیر بھٹو بننے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ حالیہ ملکی تاریخ گواہ ہے کہ کس طرح ایک نہتی لڑکی ملالہ یوسفزئی نے تاریک دور کے لشکروں کو للکارا۔ انہوں نے کہا کہ اس نے کھڑی کی گئی رکاوٹوں اور جبر کا مقابلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملالہ نے اپنے خوابوں کو پایہ تکمیل پر پہنچانے کے لیئے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے میں سرخرو ہوئی، ہمیں اس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ زندگی کے ہر شعبے میں لڑکیوں کو یکساں مواقع فراہم ہوں، اس کے ساتھ ساتھ لڑکیوں کو بااختیار بنانے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے سلسلے میں درپیش مشکلاتوں کا تدارک ہو۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی لڑکیوں کیلئے تعلیم و صحت کی سہولیات اور آگے بڑھنے کے مواقع تک رسائی کی حامی ہے، پیپلز پارٹی ملک میں صنفی مساوات کی علمبردار جماعت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی پی پی نے گرلز کیڈٹ کالج، خواتین کے لئے پولیس اسٹیشنز، فرسٹ ویمن بینک کا قیام عمل میں لائی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومتوں نے بے زمین خواتین کسانوں کو نرمی زمین الاٹ کیں۔

شال بقیہ 9

دہشتگردی کی شدید ضرورت ہے، واقعہ میں ملوث افراد کو انشاء اللہ جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے مولانا عادل کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار اور اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور اظہار افسوس کیا۔ صدر مملکت نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور غمزدہ خاندان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ اللہ تعالیٰ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

شال بقیہ 10

مسترد کرکے اسمبلی سے باہر کردیا ہے، مولانا اسلام کے بجائے اسلام آباد کے لیے اپنی سیاست کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اپوزیشن کے جلسے جلوسوں اور تحریکوں سے گھبرانے والی نہیں ہے، عمران خان نہ تو کسی کو این آر او دیں گے اور نہ ہی کسی کی بلیک میلنگ میں آئیں گے۔

شال بقیہ 11

ساتھ نہیں عوام ان سے دور نکل گئے ہیں، اگر کنٹینر اور لوگ درکار ہوں تو بتایئے گا۔

شال بقیہ 12

اب پڑوسی ملک نہیں اور ہی اپنی نفرت کا نشانہ بنا رہا ہے۔۔

شال بقیہ 13

پاکستان ماورائے عدالت قتل اور جعلی مقابلوں کی مذمت کرتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ بھارتی ریاستی دہشت گردی کے نتیجے میں ایک سال میں تین سو کشمیری شہید کئے جاچکے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ شہید ہونے والوں میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ گزشتہ روز کلگام اور ضلع پلوامہ میں مزید نوجوانوں کو شہید کیا گیا۔ ترجمان نے کہ اکہ غیر قانونی کریک ڈاؤن کے دوران چودہ سالہ بچے کو شدید زخمی کیا گیا۔ ترجمان نے کہا کہ بھارت یاد رکھے ظلم و ستم حراستی مراکز میں تشدد اور قتل کے ذریعے وہ اپنے عزائم میں کامیاب نہ ہوگا۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان دنیا پر زور دیتا ہے کہ امن کے لئے کشمیر کو یو این قراردادوں کے ذریعے مسئلہ حل کرائے۔۔

شال بقیہ 14

احتجاجی تحریک ناکام ہوگی۔ عوام اب کسی کے جھانسے میں نہیں آئیں گے۔ کرپٹ سیاسی رہنما اپنے ذاتی مفادات کیلئے احتجاجی تحریک کا راستہ اختیار کررہے ہیں۔ حکومت کسی کی بلیک میلنگ میں نہیں آئے گی۔ اپوزیشن احتجاجی تحریک کا شوق پورا کرلے ہم ڈٹ کر مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں جمہوریت کے استحکام کیلئے تحریک انصاف نے ہر اول دستے کا کردار ادا کیا ہے۔ اپوزیشن کا اتحاد انتشار کا شکار ہوجائے گا۔۔

شال بقیہ 15

کہ 2010 کی پاکستان، افغانستان راہداری تجارتی معاہدے میں ترمیم پر کام ہورہا ہے تاکہ افغان تاجروں کیلئے مزید آسانیاں پیدا کی جائیں اور دوطرفہ تجارت میں بھی اضافہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ویزوں میں آسانی کے لئے کابل میں پاکستانی سفارتخانے میں مزید کاؤنٹرز بنائے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کیلئے نئی ویزہ پالیسی کی وجہ سے ویزوں کیلئے رش کم ہوجائے گا کیونکہ نئی پالیسی میں طلبہ، تاجروں، مریضوں، فیملی ممبران اور عام افغان باشندوں کیلئے طویل المدتی اور کثیر پل ویزے دیئے جائینگے۔ منصور خان نے بتایا کہ پاکستان نے کراچی کے علاوہ گوادر بندرگاہ بھی گزشتہ سال اکتوبر میں افغان راہداری تجارت کے لئے کھول دیا ہے جو چمن سرحد سے تجارت کے لئے کراچی سے کم فاصلے کا راستہ ہے۔ گوادر سے چمن تک سڑکوں کی حالت بھی بہت بہتر ہے اور کم برش کی وجہ سے افغان تاجر جلدی مال افغانستان منتقل اور افغانستان سے گوادر کے راست برآمد بھی کرسکتے ہیں۔ منصور خان نے کہا کہ پاکستان افغان طلبہ و طالبات کے لئے اعلیٰ تعلیم میں مواقع فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی کے سپیکر اسد قیصر دونوں ممالک کے درمیان پارلیمانی تعلقات کو فروغ دینے پر بھی توجہ دے رہے ہیں۔

شال بقیہ 16

دوسری طرف کراچی سرکلر ریلوے کا ٹریک اور اسٹیشنز تباہ حالی کا شکار ہیں، ریلوے ٹریک اور اسٹیشنز کی بحالی کے لیے ابھی تک کوئی منصوبہ شروع نہیں کیا گیا ہے۔ کراچی سرکلر ریلوے کے انجن اور بوگی پر سفید اور سبز، نیلی اور لال رنگ کی پٹیاں بنائی گئی ہیں، ریلوے کی پرانی بوگیوں کو جدید طریقے سے ری کنڈیشنڈ کیا جارہا ہے، بوگیوں میں نرم اور آرام دہ نشستیں اور ایل ای ڈی بھی لگائی جائیں گی۔ نشستوں کے درمیان ٹرے لانے والوں اور کھڑے ہونے والے مسافروں کے پکڑنے کے لیے ہینڈل بھی لگائے گئے ہیں، ہر بوگی میں اسٹیشنز کے نام ڈسپلے کیے گئے اور اناؤنسمنٹ کے لیے اسپیکر بھی لگائے گئے ہیں۔ بوگی میں مسافروں کے بیٹھنے کے لیے زیادہ نشستیں رکھی گئی ہیں، یہ بوگی نان اے سی ہوگی، اس میں موبائل چارجنگ پلگ، پنکھے اور باتھ روم بھی بنائے گئے ہیں۔ خیال رہے کہ یہ بوگیاں کیرج فیکٹری اسلام آباد میں تیار کی جارہی ہیں، نئی بوگی اور انجن کو جلد کراچی ڈپلے کے لیے لایا جائے گا۔ دوسری جانب کراچی سرکلر ریلوے کا ٹریک اور اسٹیشنز تباہ حالی کا شکار ہیں، ریلوے ٹریک اور اسٹیشنز کی بحالی کے لیے ابھی تک کوئی منصوبہ شروع نہیں کیا گیا ہے، جتنی کہ اسٹیشنز اور ریلوے ٹریک پر تاحال کچرے کے ڈھیر لگے ہیں صفائی بھی نہیں کرائی جاسکی ہے

ایرانیوں نے یورینیم کی افزودگی کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے، عالمی ایجنسی کا انکشاف

ویانا (این این آئی) ایٹمی توانائی کی عالمی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ڈائریکٹر جنرل رافائیل گروسی نے کہا ہے کہ ایرانیوں نے یورینیم کی افزودگی کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے بتایا کہ یہ افزودگی اس درجے سے کہیں زیادہ ہے جس کی وہ پہلے پابندی کررہے تھے اور اس مقدار میں ہر ماہ اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ ایک انٹرویو میں گروسی نے مزید کہا کہ ہم نے ایران کی بڑی مقدار اور نیوکلیئر بم تیار کرنے کے لیے مطلوب افزودہ یورینیم یا پلوٹونیم کی کم از کم حد پر نظر رکھی ہوئی ہے، ایران کے پاس فی الوقت یہ بڑی مقدار موجود نہیں ہے۔

شال بقیہ 17

میں ہر ماہ اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ ایک انٹرویو میں گروسی نے مزید کہا کہ ہم نے ایران کی بڑی مقدار اور نیوکلیئر بم تیار کرنے کے لیے مطلوب افزودہ یورینیم یا پلوٹونیم کی کم از کم حد پر نظر رکھی ہوئی ہے، ایران کے پاس فی الوقت یہ بڑی مقدار موجود نہیں ہے۔

شال بقیہ 18

مہنگائی کے کوڑے برسا رہی ہے۔ جماعت اسلامی بڑھتی ہوئی مہنگائی کے خلاف سخت احتجاج کرے گی اور ملک بھر میں عوام کو منظم کیا جائے گا۔ علمائے کرام قومی یکجہتی اور اتحاد کو قائم رکھنے اور فرقہ واریت کو ختم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام ملی گالا پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ملی گالا میں سینکڑوں خاندان جمع تھے۔ خواتین اور بچوں نے بڑی تعداد میں پروگرام میں شرکت کی۔ ملی گالا سے نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ، چوہدری منظور گجر اور امیر جماعت اسلامی لاہور ذکر اللہ مجاہد نے بھی خطاب کیا۔ اگر امت متحد ہوجائے تو فلسطین اور کشمیر جیسے مسائل دنوں میں حل ہوسکتے ہیں اور دنیا بھر میں مسلمانوں کے قتل عام کو روکا جاسکتا ہے۔ ذکر اللہ مجاہد نے اپنے خطاب میں کہا کہ عوام ان ظالم حکمرانوں سے نجات کے لیے جماعت اسلامی کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ جماعت اسلامی کے کارکنوں کو عوام کی آواز بننے اور انہیں ظلم و جبر کے اس استحصالی نظام سے نجات دلانے کے لیے ہر سطح پر تحریک کو منظم کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ زندہ دلان لاہور حکومت کے خلاف تحریک میں ہراول دستے کا کردار ادا کریں گے۔۔

شال بقیہ 19

بدل، بدل کر اعتراف کیا گیا، بلکہ "انقلابی" اٹھانے کے لیے بھی ایمپائر کو ملاقات کرکے آمادہ کرنے کی ناکام کوشش بھی کی گئی، انہوں نے کہا کہ ابھی بھی وہی طرز عمل اپنایا جارہا ہے اور انصافی وکلاء کے خطاب میں نہ صرف ایمپائر کو ساتھ ملانے بلکہ مخالف ٹیم کے خلاف بال ٹیمپرنگ اور "فاؤل گیم" کی بھی دھمکی دی گئی اور ماشاء اللہ ایمپائر نے بھی انہوں کے جھرمٹ میں "پی ڈی ایم الیون" کے مقابلے میں "عمرانی الیون" کے ساتھ دینے کا اعلان "ڈنگے کی چوٹ پر کردیا"۔ حالانکہ تاریخ شاہد ہے کہ گوجرانوالہ جہاں سے 16 اکتوبر کو احتجاجی سیریز کا آغاز ہوگا وہاں کی "سیاسی پچ" پی ڈی ایم الیون کے لیے ماضی کی طرح کارآمد ہے جب اس وقت کے ایمپائر کو بھی پچ کا فیصلہ ہمارے حق میں کرنا پڑا تھا، انہوں نے کہا کہ ایمپائر کے قریب "عمرانی الیون" کا پنڈی میں آج کے "نیٹ پریکٹس" سے واضح ہوگیا کہ ایمپائر کی مداخلت اور تعاون نے اُن کو کچھ زیادہ آرام پسند اور کاہل بنادیا ہے، اس لیے وہ گوجرانوالہ سے شروع ہونے والی سیریز کے تماشائیوں کو بھی "کرونا" سے اور بھی پکڑ دھکڑ کے جیلوں میں ڈالنے سے ڈرا رہے ہیں لیکن ان کی اُلٹی گنتی 16 اکتوبر سے شروع ہورہی ہے۔۔

شال بقیہ 20

ہوئے امام کے سربراہ مولانا محمد خان شیرانی نے کہا کہ پاکستان میں ہونے والی قتل و غارت گری کے پیچھے مذہبی قومی اور فرقہ وارانہ محرکات کارفرما نہیں ہوسکتے اس قتل و غارت گری کے پیچھے دنیا پر حکمرانی کرنے والے اقوام متحدہ کا ہاتھ ہے اقوام متحدہ دنیا کی چند طاقت ور حکومتوں کی رکھیل ہے یہ حکومتیں اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لئے تیسری دنیا کی محکوم اور سیاست سے نابلد اقوام کو جنگ کا ایندھن بناتی ہیں انہوں نے کہا کہ دنیا کی ان مستبد طاقتوں کی لگائی ہوئی آگ سے اپنے دامن کو بچانا ہی اس وقت میری نظر میں افضل الجہاد ہے ہمیں معلوم ہے کہ فیصلے کہیں اور ہوتے ہیں صرف ان فیصلوں پر عمل درآمد کے لئے ہماری نام نہاد حکومتوں کو استعمال کیا جاتا ہے ایسی صورت حال میں ہماری شرعی ذمہ داری بنتی ہے کہ عوام کو باہمی اتحاد و اتفاق کی طرف بلاتے ہوئے دشمن کے مذموم مقاصد سے آگاہ کریں انہوں نے کہا کہ شہید مولانا ڈاکٹر عادل خان عالم اسلام کے ممتاز عالم دین تھے انکا قتل ایک بہت بڑا سانحہ ہے مولانا ڈاکٹر عادل شہید کی شہادت بھی عالمی مستبد طاقتوں کے مذموم مقاصد کی تکمیل کا شاخسانہ ہوسکتی ہے لہذا عوام اتحاد و اتفاق کے دامن کو تھامتے ہوئے ملک کے اندر انتشار پیدا کرنے کی کوشش نہ کریں ہم حکومت سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ اس طرح کے واقعات میں ملوث افراد کو آئین و قانون کے تحت سخت ترین سزائیں دیکر ملک کو انتشار اور عدم استحکام سے بچائے بصورت دیگر ریاست پاکستان اور اس کے ذمہ دار اداروں پر انگشت نمائی کرنا ہمارا حق ہے انہوں نے کہا کہ امریکہ اپنے مجرموں کو دنیا کے کونے کونے سے ڈھونڈ نکال کر منطقی انجام تک پہنچا دیتا ہے اور ہماری حکومتیں اپنی ناک کے نیچے چھپے ہوئے مجرموں کو ڈھونڈ نکالنے کی زحمت گوارا نہیں کرتیں کیا ایسی حکومتوں کو ہم ویلفیئر حکومت کہہ سکتے ہیں؟ اور کیا ایسی حکومتوں کو اپنے پبلک کی محافظ اور خادم حکومتیں قرار دی جاسکتی ہے؟ یا غیروں کے مفادات کی محافظ حکومتیں کہلانے کی مستحق ہونگی۔

شال بقیہ 21

کورونا کیسز مریضوں میں اضافہ ہوا ہے تاہم پاکستان میں تعداد ایسی نہیں بڑھی جیسے دوسرے ممالک میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں کورونا کیسز گزشتہ چند ہفتوں میں بڑھے ہیں اگر چندون کا موازنہ کریں تو کورونا مریضوں میں اضافہ ہورہا ہے، کورونا وائرس رنگ و نسل اور مذہب کی تفریق نہیں کرتا، کورونا وائرس یہ تفریق بھی نہیں کرتا کہ آپ کیوں جمع ہوئے۔ ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہ اکہ احتیاط ہی ہمارا پاس ایسا راستہ ہے کہ کورونا کو روکا جاسکتا ہے، شادی ہال سے متعلق بھی اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے، لوگوں کو بھی فعال کردار ادا کرنا ہوگا اور احتیاط کرنا ہوگی۔ دیگر ممالک کی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دوسرے ممالک کو دیکھیں تو وہاں کورونا کی دوسری لہر آچکی ہے، ہمارے پڑوسی ممالک دیکھیں وہاں تو ابھی کورونا کی پہلی لہر جاری ہے، اسکولز سے متعلق جو سرویلنس ڈیٹا آرہا ہے وہ تسلی بخش ہے جہاں ایس او پیز پر عمل نہیں کیا جارہا وہاں اسکول بند بھی کیے گئے، لوگوں کی جانب سے کورونا کو غیر سنجیدہ بھی لیا جارہا ہے۔

شال بقیہ 22

نمائندے اپوزیشن کے پیچھے لگے ہوئے ہیں۔ بدعنوانی میں ملوث ہر فرد و ادارے کا بلاتفریق احتساب اور سود ختم کرنے سے معیشت میں بہتری آسکتی ہے مہنگائی، اسلام و ملت دشمن قانون سازی کے خلاف ہماری جدوجہد جاری رہیگی۔ حکومت پر قبضہ یا اپنے لیڈرز دلوٹ مار کو بچانا مسائل کا حل نہیں ہر لٹیرے کو سزا، آئین و قانون پر عمل درآمد، مودود اسلام دشمن اقدامات کا خاتمہ، نافذ اسلام، بدعنوانی کا خاتمہ، عوامی قومی مسائل کے حل کیلئے قانون سازی اور قانون کا احترام ہی مسائل کا حل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی دفتر میں صوبہ بھر سے آئے ہوئے امرائے اضلاع کے اجلاس سے صدارت خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری ہدایت الرحمان بلوچ، نائب امراء مولانا عبدالکبیر شاکر سمیت گوادر سے ڈوب تک امرائے اضلاع نے شرکت کی۔ اجلاس میں امرائے اضلاع نے سالانہ کردگی اور صوبائی جنرل سیکرٹری ہدایت الرحمان بلوچ نے سالانہ صوبائی منصوبہ پر عمل درآمد کی رپورٹ کی رپورٹ پیش کی۔ صوبائی امیر مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ موجودہ حکومت میں عوامی شہری حقوق غصب کیے جارہے ہیں ہم حکومت و اپوزیشن اور مقتدر قوتوں کے ہر برے کام اقدام و ماورا آئین کسی بھی اقدام کے خلاف ہیں عوام نے سب کو آزما لیا مگر مسائل میں کمی کے بجائے بدترین اضافہ ہوا ہے اب حل جماعت اسلامی ہے جماعت اسلامی جہاں بھی اقتدار میں آئی خدمت و دیانت کی مثال قائم کرتے ہوئے سرخرو ہوئی الحمدللہ نہ کرپشن کا الزام اور نہ ہی بدنامی درسوائی ہوئی جس پر ہمارا فخر ہے۔ بلوچستان کے عوام کو حکمرانوں نے حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا حکومتی غفلت و زراء کی مجرمانہ خاموشی اور منتخب ممبران کی بے حسی کی وجہ سے اب بلوچستان کے مظلوم و مجبور عوام شاہراہوں کی حالت بہتر کرنے، پانی کے حصول سمیت دیگر سلگتے اجتماعی مسائل کے حل کیلئے ننگے پاؤں تپتی دھوپ میں پیدل مارچ پر مجبور ہیں حکومت مین شاہراہوں پر مزید حادثات کا انتظار کیے بغیر صوبہ بھر کے مین شاہراہوں کو فی الفور دورویہ کریں۔ مہنگائی بے روزگاری بدعنوانی قومی ناسور بن گیا ہے جس کی وجہ سے ہر فرد متاثر ہے مگر حکومت غریب عوام کو ریلیف دے رہا نہ لٹیروں سے قومی دولت برآمد کی جارہی ہے اور نہ ہی انہیں قرار واقعی سزا دینے کی کوشش ہورہی ہے جو لمحہ فکریہ ہے بلوچستان کے ملازمین، ڈاکٹرز، اساتذے کرام سمیت دیگر ملازمین احتجاج پر ہے روزگار نا پید، ملازمین طبقات کے جائز حقوق غصب کیے جارہے ہیں، جماعت اسلامی عوامی نمائندگی کا حق ادا کرتے ہوئے ہر فورم پر ہر مسئلے کیلئے بھرپور آواز بلند کررہی ہے عوامی مسائل کو اجاگر، ان کے حل اور لٹیروں کے خلاف اصل اپوزیشن جماعت اسلامی ہے ہم لٹیروں کو بچانے کے بجائے عوامی مسائل حل، جمہوریت کی بحالی، لاقانونیت کے خلاف اور حکمرانوں کو خواب غفلت سے بیدار کررہے ہیں حکومت کے دائیں بائیں پیپلز و مسلم لیگیوں کے کرپٹ لوگ ہیں یہی لوگ ہر حکومت میں شامل ہوکر بدعنوانی کو ختم کرنے کے بجائے اس کو دوام دے رہے ہیں۔

شال بقیہ 23

ہے بصورت دیگر پنجاب میں آٹے کی صورتحال بہتر نہیں ہوگی، نجی ٹی وی کے مطابق کین کمشنر پنجاب زمان ڈوٹہ نے کہا کہ وفاق کا یوکرائن سے آنے والی گندم کے پہلے 2 جہاز خیبر پختونخوا کو دینے کا حکم ہے، تیسرے جہاز کے ذریعے آنے والی گندم پاسکو کے حوالے کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ خوراک پنجاب کی جانب سے 7 لاکھ ٹن گندم کی ڈیمانڈ کی گئی تھی جبکہ خیبر پختونخوا کی جانب سے ساڑھے 4 لاکھ ٹن گندم کی ڈیمانڈ بھیجی گئی تھی۔

شال بقیہ 24

اوور ریکارڈ مدت میں مکمل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہوگی منصوبوں کو مقررکردہ بجٹ میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں تمام علاقوں سے میٹرو لوگوں کو بٹھا کر انٹیر پورٹ لے جائے تاکہ میٹرو صرف کشمیر ہائی وے تک محدود نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ راول ڈیم انٹرچینج سے ٹریفک کم ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ 7 ایونیو پر فلائی اوور بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں ماس ٹرانزٹ سسٹم لا رہے ہیں۔

شال بقیہ 25

موہن داس موقع پر جاں بحق اور بلوچستان عوامی پارٹی اوتھل کے رہنما کامریڈ ولی جاموٹ شدید زخمی، تشویشناک حالت میں کراچی منتقل

کوئٹہ اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافہ گراں فروشوں کی چاندی

انڈے 200 روپے فی درجن فروخت جبکہ دالوں اور سبزیوں کی قیمتوں میں بھی من مانے اضافے نے شہریوں کو پریشان کردیا

پرائس کنٹرول کمیٹی، ضلعی انتظامیہ، بلوچستان فوڈ اتھارٹی سمیت دیگر متعلقہ ادارے غیر فعال ہونے سے گراں فروشوں کی چاندی

اوتھل میں دو موٹر سائیکلوں سواروں کو کچلنے والا ٹرک ڈرائیور طاہر احمد اوتھل پولیس کی تحویل میں ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ، انڈے 200 روپے فی درجن فروخت جبکہ دالوں اور سبزیوں کی قیمتوں میں بھی من مانے اضافے نے شہریوں کو پریشان کردیا، پرائس کنٹرول کمیٹی، ضلعی انتظامیہ، بلوچستان فوڈ اتھارٹی سمیت دیگر متعلقہ ادارے غیر فعال ہونے سے گراں فروشوں کی چاندی ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ شہر میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ کردیا گیا ہے کوئٹہ میں اتوار کو فی درجن انڈے 200 روپے میں فروخت کئے گئے اسی طرح دالوں کی قیمتوں میں بھی فی کلو 10 سے 30 روپے کا اضافہ کردیا گیا ہے جبکہ کوئٹہ شہر میں سبزیاں اور پھل بھی مہنگے داموں فروخت کئے جارہے ہیں کوئٹہ میں پیاز فی کلو 60 روپے، مٹر 300 روپے، ادرک 1000 روپے فی کلو، لہسن 280 روپے فی

چربیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کی تحریک بدترین ناکامی سے دوچار ہوگی، حاجی سیف اللہ خان کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پی ڈی ایم کی تحریک بدترین ناکامی سے دوچار ہوگی کیونکہ پوری قوم عمران خان کے ساتھ ہے تحریک چلانے والوں کے مقاصد ذاتی نوعیت کے ہیں جبکہ وزیر اعظم کا مقصد ملک بچانا ہے تحریک اپنی موت آپ

چربیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم عوام کو نااہل حکمرانوں سے چھٹکارا دلوائے گی، علی مدد جتک

25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے والے جلسے سے حکومت کی ٹانگیں کانپ رہی ہیں

آٹا، چینی، گندم مافیا کی حکومت نے عوام کو خودکشی پر مجبور کردیا ہے، صوبائی صدر پاکستان پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ 25 اکتوبر کو کوئٹہ میں ہونے والے جلسے سے حکومت کی ٹانگیں کانپ رہی ہیں حکمرانوں کو انکا انجام نظر آرہا ہے پی ڈی ایم عوام کو نااہل حکمرانوں سے چھٹکارا دلوائے گی آٹا، چینی، گندم مافیا کی حکومت نے عوام کو خودکشی پر مجبور کردیا ہے ملک کو مافیاؤں کے رحم و کرم پر چھوڑ کر سلیکٹڈ حکومت اور کابینہ کے ارکان منظر عام سے غائب ہوگئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنے

چربیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

ہم آئین و قانون کے ساتھ کھڑے ہیں ملک میں پارلیمنٹ کی بالادستی چاہتے ہیں، نعمان خان ناصر

عوام کے ووٹ کو عزت دو کے نعرے آج صرف میاں نواز شریف نہیں بلکہ بائیس کروڑ عوام کا نعرہ بن چکا ہے

پی ڈی ایم کے احتجاجی تحریک کا اعلان ہوتے ہی حکومت کی پوری مشینری حرکت میں آگئی ہے

نورالائی (این این آئی) مسلم لیگ ن بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر سردار زادہ نعمان خان ناصر نے کہا ہے کہ میرے والد سینیٹر سردار یعقوب خان ناصر مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف مرکزی نائب صدر مریم نواز شریف جنرل سیکرٹری احسن اقبال اور دیگر لیگی رہنماؤں پر بغاوت کے مقدمات بنانے والے اپنا شوق ضرور پورا کرلیں ہمارے خلاف ماضی میں بھی آمرانہ ذہنیت رکھنے والوں نے اسی طرح کے مقدمات قائم کیے لیکن انھیں کچھ بھی ہاتھ نہیں آیا اور شرمندگی اٹھانا پڑی۔ انہوں

چربیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

لاہور: چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) سہیل حسین گھمن وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان میر افضل خان ملاقات کررہے ہیں

ڈاکٹر محمد عادل خان بڑے عالم دین تھے، جمعیت علماء اسلام تحصیل حب

محب وطن پاکستانی، خوش اخلاق اور ملنسار دوست سے محروم ہوگئے

لسبیلہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کے امیر مولانا شاہ محمد صدیقی، حافظ ہدایت اللہ، مفتی محمد یوسف، عبدالولی، قاری عبید اللہ، وڈیرہ غلام قادر لانگو، حاجی ثناء اللہ، مولانا عبدالواحد، مولوی سلیمان، غازی مولوی محمود احمد، مولوی عبدالغفور، امیر محمد کاکڑ، نصر الدین کاکڑ، شاہ محمد عصمت اللہ، حافظ عبدالباسط، مولوی خان محمد، قاری سلیم اللہ و دیگر نے اپنے مشترکہ اظہاری بیان میں کہا کہ وفاق المدارس کے سربراہ مولانا سلیم اللہ خان کے صاحبزادے مولانا ڈاکٹر عادل خان کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ڈاکٹر محمد عادل اور ڈرائیور کی شہادت

چربیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے سردار اور نواب کبھی بھی ترقی کے مخالف نہیں رہے ہیں، سردار داود خان دوزئی

انہوں نے ہمیشہ صوبے کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے، قبائلی رہنما بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے قبائلی رہنماؤں نے کہا ہے کہ صوبے میں صدیوں سے قبائلی نظام چلا آرہا ہے جس میں چھوٹے بڑے مسائل بلوچستان کی پشتون اور بلوچ قبائلی روایات کے مطابق حل کئے جاتے ہیں جس سے لوگوں کو فوری انصاف میں مدد ملتی ہے، بلوچستان کے سردار اور نواب کبھی بھی ترقی کے مخالف نہیں رہے ہیں اور انہوں نے ہمیشہ صوبے کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ یہ بات سردار داود خان دوزئی، عبدالشکور خان غلجی، سردار ولی خان غلجی، لالا یوسف غلجی، ایس کے اچکزئی، ح آج سردار زکوم خان سدوزئی، چاہر شاہ اور دیگر نے سدوزئی قبیلے کے نئے سربراہ سردار داود

چربیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

ژوب بائی پاس کی عدم تعمیر کے خلاف شہید عمران چوک پر احتجاجی مظاہرہ

ژوب (این این آئی) ژوب بائی پاس کی عدم تعمیر کے خلاف شہید عمران چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، شرکاء نے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جس پر حکومت کے خلاف نعرے درج تھے۔ احتجاجی مظاہرین سے عوامی سماجی رہنما شیخ اشرف مندوخیل، ساجد بلوچ، فیض محمد شیرانی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ژوب بائی پاس کی تعمیر 2007 سے التوا کا شکار ہے نہ ہی سابقہ اور نہ ہی موجودہ حکومت

چربیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

علماء کرام کی ٹارگٹ کلنگ دین و ملک دشمنی ہے، مولانا عبدالغنی زامرانی

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی جمعیت اہل حدیث بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالغنی زامرانی نائب امیر مولانا عبدالرزاق خارانی مولانا عصمت اللہ سالم ضلعی صبح اللہ مولانا زکریا ڈاکٹر نجیب اللہ عابد نے کہا کہ ایک طویل عرصہ سے پاکستان اور بالخصوص کراچی میں ممتاز علماء کرام کو بے دردی شہید کیا جارہا ہے اور انکے قاتل آج تک گرفتار نہیں کیے گئے علماء کرام کی ٹارگٹ کلنگ دین و ملک دشمنی ہے۔

پنجگور میں چیدگی بارڈر میں ڈاکوؤں کا راج، تاجر شدید پریشانی کا شکار ہیں، انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان رجسٹرڈ کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین، حاجی عاشق اچکزئی، حاجی اصرالدین کاکڑ، حاجی اکرم ترین، حاجی یعقوب شاہ کاکڑ، محمد حسین بزدار و حاجی

چربیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن میں جلے ہوئے پینلز کی تبدیلی کا کام مکمل

220/132 کے وی گرڈ اسٹیشن سے منسلک متاثرہ تمام فیڈروں کی بجلی بحال کردی گئی، کیسکو

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان کے مطابق میسٹل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) کے 220/132 کے وی انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے کنٹرول روم میں آتشزدگی سے متاثرہ پینل کی مرمت و بحالی کا کام مکمل کردیا گیا جس کے بعد انڈسٹریل گرڈ سے منسلک تمام متاثرہ فیڈروں کی بجلی مکمل طور پر بحال ہوگئی ہے اور اب ان تمام فیڈروں کو معمول کے مطابق بجلی کی فراہمی جاری ہے جبکہ ماشاءاللہ اسٹیل مل، شاہین اسٹیل مل، ہجویری اسٹیل مل، غازی اسٹیل مل اور

چربیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

13 سالوں سے مستقل ہونے کے انتظار میں ہیں، محمد ایوب لانگو

صرف 15 ہزار روپے ماہانہ تنخواہ دی جاتی ہے جو کہ گزشتہ چار ماہ سے بند ہے

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان واٹر فلٹریشن پلانٹ آپریٹرز نے کہا ہے کہ گزشتہ 13 سالوں سے مستقل ہونے کے انتظار میں ہیں صرف 15 ہزار روپے ماہانہ تنخواہ دی جاتی ہے جو کہ گزشتہ چار ماہ سے بند ہے اگر انکے مطالبات منظور نہ کئے گئے تو بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنا دیں گے۔ یہ بات ترجمان آل بلوچستان واٹر فلٹریشن پلانٹ آپریٹرز محمد ایوب لانگو نے اتوار کو کوئٹہ پریس

چربیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ضلعی صدر میر محمد اعظم ماندائی کی زیر صدارت زمیندار ایکشن کمیٹی نوشکی کا اجلاس

زمیندار ایکشن کمیٹی اپنی بساط کے مطابق ضلع کے زمینداروں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے

نوشکی (این این آئی) زمیندار ایکشن کمیٹی نوشکی کا اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر میر محمد اعظم ماندائی زمیندار ایکشن کمیٹی کے ضلعی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں زمینداروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر زمیندار ایکشن کمیٹی کے ضلعی صدر میر محمد اعظم ماندائی، بی این پی کے مرکزی کمیٹی کے رکن میر خورشید جمالدینی، حاجی عبدالسلام ماندائی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زمیندار ایکشن کمیٹی اپنی بساط کے مطابق ضلع

چربیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

سپیرہ رانہ روڈ جو چار اضلاع سے گزرتا ہے 11 سال سے زیر التواء ہے، عبدالحمید کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) اتحاد نوجوانان روڈ ملازئی تحصیل بابا ولی شین کے صدر عبدالحمید کاکڑ نے کہا کہ ہے کہ سپیرہ رانہ روڈ جو چار اضلاع سے گزرتا ہے 11 سال سے زیر التواء ہے جسکی وجہ سے تعلیم، صحت، زراعت، لائیو سٹاک کے شعبوں اور عام شہریوں کو نقصان پہنچ رہا ہے سڑک

چربیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

بشریٰ رند بلوچستان عوامی پارٹی کا اثاثہ ہیں، میر عبدالرؤف رند

بی اے پی کے تمام ورکر و کارکنان انکی جلد صحتیابی و تندرستی کیلئے دعا گو ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے کوآرڈینیٹر و نائب صدر بلوچستان عوامی پارٹی میر عبدالرؤف رند نے رکن صوبائی اسمبلی و آرگنائزر بلوچستان عوامی پارٹی خواتین ونگ بشریٰ رند کا کورونا ٹیسٹ مثبت آنے پر ان کی صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ ہم

چربیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

ترجمان سندھ حکومت سے ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام نبی میمن کی ملاقات

ملاقات میں مشیر قانون بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کو پولسنگ کے امور کے بارے میں آگاہی دی

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کے ترجمان اور وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر قانون، ماحولیات و ساحلی ترقی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب سے ایڈیشنل آئی جی کراچی غلام نبی میمن نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مشیر قانون بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کو پولسنگ کے امور کے بارے میں آگاہی

چربیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

لاہور: میکلوڈ روڈ پر رنگ ساز اپنے رزق کی تلاش میں بیٹھے ہیں

مولانا ڈاکٹر عادل خان کی شہادت عالم اسلام کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے، مولانا غلام قادر قاسمی

مولانا ڈاکٹر عادل خان پر ہونے والے حملے سے ثابت ہوگیا کہ ملک دشمن عناصر ریاستی اداروں کی پہنچ سے دور ہیں

اوتھل (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر و امیر بے یو آئی لسبیلہ مولانا غلام قادر قاسمی ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا یعقوب ساسولی ضلعی نائب امیر مولانا عبدالحمید عارف، بے یو آئی اوتھل کے امیر مولانا مفتی محمد سعید جنرل سیکرٹری امام بخش شاہوکو و دیگر نے اپنے جاری تعزیتی بیان میں مولانا ڈاکٹر عادل خان پر حملے کو پاکستان کے امن اور تمام علماء کرام اور اہل مدارس پر حملہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ مولانا ڈاکٹر عادل خان کی شہادت عالم اسلام کے لیے ناقابل تلافی نقصان

چربیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

چیف آف چاقی سردار حاکم علی خان سنجرانی کی بطور 25 ویں چیف کی حیثیت سے دستار بندی کے لیے گرینڈ جرگہ

سنجرانی قبائل کی اپنی ایک تاریخ رہی ہے جس نے انصاف قائم کرنے کیلئے بے شمار قربانیاں دی ہیں، سردار حاکم علی خان سنجرانی

دالبندین (این این آئی) چیف آف چاقی سردار حاکم علی خان سنجرانی کی بطور 25 ویں چیف کی حیثیت سے دستار بندی کے لیے گرینڈ جرگہ تحصیل چاگئے میں منعقد ہوا۔ تقریب دستار بندی میں چاقی ناوشکی، غاران بکران، ایران، افغانستان، سندھ، پنجاب، اور بلوچستان بھر سے قبائلی عمائدین نے شرکت کیا تقریب سے نومنتخب چیف آف چاقی سردار حاکم علی خان سنجرانی، خان

چربیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

سندھ و بلوچستان کے جزائر پر قبضہ کسی صورت بھی قبول نہیں، نیشنل پارٹی

بلوچستان اور سندھ میں جزیروں کو صدارتی آرڈیننس کے ذریعے وفاق کی تحویل میں دینا آئین کی خلاف ورزی ہے

وفاقی حکومت کو غیر آئینی اور غیر قانونی اقدامات کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، حاجی عطاء محمد بنگلوزئی، اسلم بلوچ سمیت دیگر کا خطاب

کراچی: میکرزی منسٹری آف انوائرمنٹ فورسٹ اینڈ کلائمنٹ چینج ناہید شاہ درانی وفد سے ملاقات کررہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام وفاقی حکومت کی جانب سے آرڈیننس کے ذریعے پاکستان آئی لینڈز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قیام اور بلوچستان کے جزائر کو وفاقی تحویل میں دینے کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطاء محمد بنگلوزئی کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطاء محمد بنگلوزئی، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری اسلم بلوچ، چیئرمین بی ایس او (بچار) زبیر بلوچ، ممبر مرکزی کمیٹی میران بلوچ، صوبائی ترجمان علی احمد لانگو، ممبر ورکنگ کمیٹی کلثوم بلوچ نے مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے

چربیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

معصوم بچیوں کے ساتھ زیادتی کے بڑھتے ہوئے واقعات کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

کوئٹہ (این این آئی) یوتھ آف بلوچستان کے زیر اہتمام پاکستان اور بلوچستان میں معصوم بچیوں کے ساتھ زیادتی کے بڑھتے ہوئے واقعات کے خلاف اتوار کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین سے حمیدہ بزدار، اشراف الدین، حاجی عبدالقیوم، مفتی شفیق

چربیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

ہاسپٹر ڈوار ملک اور نظریے کو کمزور کرتی ہے، محمد فائق شاہ

پشاور (این این آئی) چیئرمین امن ترقی پارٹی محمد فائق شاہ نے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کا پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہاسپٹر ڈوار دشمن اور عالمی طاقتوں کا خطرناک ہتھیار ہے جس سے

چربیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

لورالائی میں کمر توڑ مہنگائی سے عوام عاجز آگئے آٹے کی قیمتوں میں اضافہ، عوام کا نوٹس لینے کا مطالبہ

آٹے کی قیمتوں میں اضافے سے عوام پریشان، فی کلو آٹا اسی روپے ہوگیا

لورالائی (این این آئی) لورالائی میں کمر توڑ مہنگائی سے عوام عاجز آگئے۔ آٹے کی قیمتوں میں اضافے سے عوام پریشان، فی کلو آٹا اسی روپے ہو گیا۔ عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ آٹے کے بحران نے پورے ملک کی طرح یہاں پر بھی سرا ٹھایا پرائس کنٹرول کمیٹی صورتحال کا نوٹس لے، شہر میں دکانداروں نے اپنے خود ساختہ ریٹ مقرر کر رکھیں ہیں ان سے پوچھنے والا کوئی نہیں سرکاری طور پر انتظامیہ کا کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں ہے جس سے ریٹ آسمان تک پہنچ گئے اس وقت بازار میں چھوٹے

چربیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ایم کیو ایم پاکستان میں جوق در جوق لوگوں کی شمولیت کا سلسلہ جاری

ایم کیو ایم پاکستان نے ہمیشہ غریب عوام کی خدمت کی ہے، میر امداد حسین مری

نصیر آباد (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان میں جوق در جوق لوگوں کی شمولیت کا سلسلہ جاری تحصیل چھتر گوٹھ میر حسن نصیر آباد درجنوں افراد کا پارٹی قیادت پر اعتماد کا اظہار اور ایم کیو ایم پاکستان میں شمولیت۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تحصیل چھتر گوٹھ میر حسن سے سیاسی سماجی رہنما اس ماعل خان بھنگر کی قیادت میں خالد حسین لگی، رانجو خان سامت، امام بخش بھنگر، بابل

چربیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

ضلع پونچھ میں بھارتی فوج کی محاصرے اور تلاشی کی کارروائی

جموں (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فوجیوں نے آج ضلع پونچھ کے علاقے بالاکوٹ میں محاصرے اور تلاشی کی کارروائی شروع کی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق علاقے میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے ایک رہنما کے گھر کے قریب فائرنگ کے

چربیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

علم کے زیور سے معاشرے کی نئی نسل کو آراستہ کرنا سب سے اچھا اور نیک اقدام ہے، سہیل انور ہاشمی

اساتذہ اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیں، غفلت و لاپرائی برداشت نہیں کریں گے

نجی و سرکاری تعلیمی ایس او پیز پر بھی سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر ہرنائی

ہرنائی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ہرنائی سہیل انور ہاشمی نے کہا ہے کہ علم کے زیور سے ہمارے معاشرے کی نئی نسل کو آراستہ کرنا سب سے اچھا اور نیک اقدام ہے کیونکہ ہمارے بچے اس صوبے اور ملک کے مستقبل کے معمار ہوں گے، اساتذہ اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیں، غفلت و لاپرائی برداشت نہیں کریں گے نجی و سرکاری تعلیمی ایس او پیز پر بھی سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول فزی کا دورہ کرنے کے دوران اساتذہ سے

چربیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

قلعہ سیف اللہ و شیرانی میں چھوٹے ڈیمز کی تعمیر تعطل کا شکار ہے، عثمان کاکڑ

جام کمال ایک متعصب وزیر اعلیٰ، پشتون بلوچ صوبے میں پشتون بیلٹ کی ترقی میں رکاوٹیں حائل کررہے ہیں

بلوچستان اکنامک زون جہاں گیس، بجلی و دیگر چیزیں سی پیک بننے جارہے ہیں، صوبائی صدر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر عثمان خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے عدم دلچسپی اور تعصبانہ رویے کی وجہ سے بلوچ پشتون صوبے میں سڑکوں کی تعمیر، بلوچستان اکنامک زون پر کام، فیڈرل لیویز فورس کی ری اسٹرکچرنگ، بیرونی بی شاہرگ اور خوست ریلوے اور موسیٰ خیل اور زیارت میں یونیورسٹیوں کا قیام اور قلعہ سیف اللہ و شیرانی میں چھوٹے

چربیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کراچی: سندھ ترقی پسند پارٹی کے زیر اہتمام صوبے کے حقوق کے خلاف احتجاجی ریلی کے شرکاء سے چیئرمین قادر مگسی خطاب کررہے ہیں

عوام کو بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، محمد ظہور شاکر

عوام کی فلاح و بہبود پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، معاون خصوصی برائے وقاف و مذہبی امور

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے حج، اوقاف و مذہبی امور محمد ظہور شاکر نے کہا ہے کہ عوام کو بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں حکومت موثر اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کی فلاح و بہبود پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ وہ ضلع ہنگو دوآبہ کے عمائدین سے اپنی رہائش گاہ پر بات چیت کررہے تھے۔ عمائدین نے پی کے۔ 84 میں صحت، تعلیم، آبنوشی، نکاسی آب، مواصلات، مہنگائی اور روزگار کی فراہمی کے

چربیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

مولانا ڈاکٹر عادل خان کی شہادت المناک قومی سانحہ ہے، مفتی محمد تقی عثمانی

کراچی (این این آئی) شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی نے کہا ہے کہ مولانا ڈاکٹر عادل خان کی شہادت المناک قومی سانحہ ہے، قاتلوں نے ہمیں ایک شخصیت سے محروم کردیا جس سے روشن امیدیں وابستہ تھیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ میں جاری بیان میں مفتی محمد تقی عثمانی نے کہا کہ مولانا عادل خان نے ایک طرف ناموس صحابہ کے لئے باغیرت قائد کا فریضہ انجام دیا دوسری طرف وہ باصول قومی وحدت کے لئے کوشاں تھے اللہ تعالیٰ انہیں جوار رحمت میں جگہ دے۔

علم کے زیور سے معاشرے کی نئی نسل کو آراستہ کرنا سب سے اچھا اور نیک اقدام ہے، سہیل انور ہاشمی

اساتذہ اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیں، غفلت و لاپرائی برداشت نہیں کریں گے

نجی و سرکاری تعلیمی ایس او پیز پر بھی سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر ہرنائی

ہرنائی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ہرنائی سہیل انور ہاشمی نے کہا ہے کہ علم کے زیور سے ہمارے معاشرے کی نئی نسل کو آراستہ کرنا سب سے اچھا اور نیک اقدام ہے کیونکہ ہمارے بچے اس صوبے اور ملک کے مستقبل کے معمار ہوں گے، اساتذہ اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیں، غفلت و لاپرائی برداشت نہیں کریں گے نجی و سرکاری تعلیمی ایس او پیز پر بھی سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول فزی کا دورہ کرنے کے دوران اساتذہ سے

چربیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

جانوروں اور مال مویشیوں کی صحت برقرار رکھنے کیلئے انکی مستقل نگہداشت ضروری ہے، گہرام خالد بلوچ

لسبیلہ (ٹی این) ڈپٹی ڈائریکٹر امور حیوانات ڈاکٹر گہرام خالد بلوچ نے کہا ہے کہ جانوروں اور مال مویشیوں کی صحت برقرار رکھنے کیلئے انکی مستقل نگہداشت ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کنراج عمر گولھ میں تحصیل کی جانب

چربیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

مولانا ڈاکٹر عادل خان کی شہادت عالم اسلام کے لیے ناقابل تلافی نقصان ہے، غلام قادر قاسمی

اوتھل (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی نائب امیر و امیر بے یو آئی لسبیلہ مولانا غلام قادر قاسمی ضلعی جنرل سیکریٹری مولانا یعقوب ساسولی ضلعی نائب امیر مولانا عبدالحمید عارف، بے یو آئی اوتھل کے امیر مولانا مفتی محمد سعید جنرل سیکرٹری امام بخش شاہوکو و دیگر نے اپنے جاری تعزیتی بیان میں مولانا ڈاکٹر عادل خان پر

چربیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

اساتذہ اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیں، غفلت و لاپرائی برداشت نہیں کریں گے، ڈپٹی کمشنر ہرنائی

ہرنائی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ہرنائی سہیل انور ہاشمی نے کہا ہے کہ علم کے زیور سے ہمارے معاشرے کی نئی نسل کو آراستہ کرنا سب سے اچھا اور نیک اقدام ہے کیونکہ ہمارے بچے اس صوبے اور ملک کے مستقبل کے معمار ہوں گے، اساتذہ اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیں، غفلت و لاپرائی برداشت نہیں کریں گے نجی و سرکاری تعلیمی ایس او پیز پر بھی سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر ہرنائی

ایف بی آر ریفنڈ بیچ کرنے والا ادارہ بن چکا ہے، ڈاکٹر مرتضیٰ معظم

کراچی (این این آئی) ایف پی سی سی آئی مرکزی قائد کمیٹی برائے انشورنس کے کنوینر ڈاکٹر مرتضیٰ معظم نے کہا ہے کہ ایف بی آر ٹیکس کے بجائے ریفنڈ بیچ کرنے والا ادارہ بن چکا ہے۔ امیروں کی تجوریاں بھرنے کے لئے غریبوں کو لوٹا جارہا ہے۔ ریفنڈ کا نظام معیشت کو تباہ کررہا

چربیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

بانڈی پورہ میں آتشزدگی کے واقعات میں 9 مکانات خاکستر، 40 مویشی ہلاک

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں ضلع بانڈی پورہ کی وادی گریز میں رات کے دوران آتشزدگی کے دو الگ الگ واقعات میں 9 مکانات

چربیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر

سندھ و بلوچستان کے جزائر پر قبضہ کسی صورت بھی قبول نہیں، نیشنل پارٹی

بلوچستان اور سندھ میں جزیروں کو صدارتی آرڈیننس کے ذریعے وفاق کی تحویل میں دینا آئین کی خلاف ورزی ہے

وفاقی حکومت کو غیر آئینی اور غیر قانونی اقدامات کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے، حاجی عطاء محمد بنگلوزئی، اسلم بلوچ سمیت دیگر کا خطاب

کراچی: میکرزی منسٹری آف انوائرمنٹ فورسٹ اینڈ کلائمنٹ چینج ناہید شاہ درانی وفد سے ملاقات کررہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام وفاقی حکومت کی جانب سے آرڈیننس کے ذریعے پاکستان آئی لینڈز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے قیام اور بلوچستان کے جزائر کو وفاقی تحویل میں دینے کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطاء محمد بنگلوزئی کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر حاجی عطاء محمد بنگلوزئی، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری اسلم بلوچ، چیئرمین بی ایس او (بچار) زبیر بلوچ، ممبر مرکزی کمیٹی میران بلوچ، صوبائی ترجمان علی احمد لانگو، ممبر ورکنگ کمیٹی کلثوم بلوچ نے مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے

چربیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

معصوم بچیوں کے ساتھ زیادتی کے بڑھتے ہوئے واقعات کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

کوئٹہ (این این آئی) یوتھ آف بلوچستان کے زیر اہتمام پاکستان اور بلوچستان میں معصوم بچیوں کے ساتھ زیادتی کے بڑھتے ہوئے واقعات کے خلاف اتوار کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین سے حمیدہ بزدار، اشراف الدین، حاجی عبدالقیوم، مفتی شفیق